ساران تنگی میں 6 دہشت گرد ہلاک، وزیراعظم کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے ساران تنگی میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیے جانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بہادری، پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن شعبان 2 جاری رکھا جائے گا۔

★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن

کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ..... شمارہ نمبر 358 بروز بدھ 23 ستمبر 2026ء 10 ربیع الثانی 1448ھ ..... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ..... ایڈیٹر: ایم ایس خان

خضدار، باغبانہ تھانے پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ، ایس ایچ او زخمی

خضدار (آن لائن) باغبانہ تھانے پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں ستی تھانے کے ایس ایچ او زخمی ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی آئی جی اور ایس ایس پی خضدار بھاری نفری کے ہمراہ باغبانہ پہنچ گئے۔ پولیس کے مطابق علاقے میں صورتحال کشیدہ ہے، جبکہ مزید نفری تعینات کر کے صورتحال پر قابو پانے کی کوششیں جاری ہیں۔

بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما جہانگیر شاہ اور شوکت بلوچ کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان مسلم لیگ (ن) میں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

انسداد پولیو مہم بچوں کو ایک خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کی قومی کاوش ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں انسداد پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مذمت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی جانب سے بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی تقریب



کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر اور پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی صدر غزالہ گولہ کی جانب سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے موقع پر ڈپٹی اسپیکر آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی کارکنان کے ہمراہ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ساران تنگی میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کو سراہا پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے

دہشتگردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور ریاستی ادارے ملک و قوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ساران تنگی میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپریشن شعبان 2 کے تحت ساران تنگی میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے ہیں۔ کارروائی کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کے ذریعے دہشتگرد عناصر کے خلاف اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ دہشتگردی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

پشاور، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کو پشاور کور ہیڈ کوارٹرز کے دورے کے موقع پر سکیورٹی صورتحال و دیگر امور سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

پاکستان، مصر، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ نے غزہ کی صورتحال پر مسلسل انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار

جنگ بندی برقرار رکھی جائے اس کی تمام خلاف ورزیاں فوری طور پر ختم کی جائیں اسرائیلی فوج کے مکمل انخلا، بین الاقوامی استحکام فورس کی تعیناتی اور فلسطینی ریاست کے قیام کی جانب پیش رفت پر زور

غزہ میں انسانی امداد کی بلا رکاوٹ فراہمی یقینی بنائی جائے

8 مسلم ممالک کا مطالبہ

غزہ فلسطینی سرزمین کا لازمی حصہ رہے گا جبکہ مغربی کنارے، مشرقی یروشلم اور غزہ کی دوبارہ وحدت جامع منصوبے پر عملدرآمد کا حصہ ہونی چاہیے، مسلم ممالک کا مشترکہ اعلامیہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان، مصر، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ نے غزہ کی صورتحال پر مشترکہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے مسلسل انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق آٹھ ممالک کے وزرائے خارجہ نے مطالبہ کیا کہ اسرائیل جامع منصوبے کے پہلے مرحلے کے تحت اپنی زیر التوا ذمہ داریاں فوری طور پر پوری کرے اور غزہ میں انسانی امداد سمیت ابتدائی بحالی کا سامان محفوظ، تیز (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

بیرسٹر گوہر کی محمود خان اچکزئی سے ملاقات، 27 ستمبر کے لانگ مارچ پر مشاورت

ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو، تحریک تحفظ آئین پاکستان کا مارچ پر امن رکھنے کا اعلان

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی اور بیرسٹر گوہر علی خان کے درمیان ملاقات ہوئی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، اپوزیشن جماعتوں کے درمیان تعاون اور آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں 27 ستمبر کو ہونے والے لانگ مارچ کے حوالے سے بھی مشاورت (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

نوشکی، پولیس انسپکٹر ایس ایچ او میر ماندا خان ماندائی مبینہ طور پر اغوا

نوشکی (آن لائن) پولیس انسپکٹر ایس ایچ او میر ماندا خان ماندائی مبینہ طور پر اغوا۔ ایس ایچ او اول تھانہ میر ماندا خان ماندائی کو گزشتہ رات ان کے آبائی علاقے احمد وال سے نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے۔

توہین عدالت کا فیصلہ سڑکوں پر نہیں، عدالت میں ہوتا ہے، مصدق ملک

حکومت جب سے آئی ہے مسلسل کہہ رہی آئیں اور مذاکرات کریں، میڈیا گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ توہین عدالت کا فیصلہ سڑکوں پر نہیں بلکہ عدالت میں ہوتا ہے، اگر عدالت کسی اقدام کو توہین عدالت سمجھتی ہے تو متعلقہ فریق کو طلب کرے گی، کلاشنکوف لہرانے سے توہین عدالت کا سد باب نہیں ہوتا۔ انہوں نے اپوزیشن بالخصوص پاکستان تحریک انصاف کو ایک بار پھر مذاکرات (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کسٹمز اسٹیشن پر مسلح افراد کے حملے کے نتیجے میں سپاہی زخمی ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) مند کسٹم اسٹیشن پر نامعلوم ملزمان نے حملہ آور ہو کر آگ لگا دی جس سے سامان جل گیا اور حملے کے دوران ایک اہلکار زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مند میں واقع کسٹمز اسٹیشن پر مسلح افراد نے حملہ کر کے ڈیوٹی پر مامور سپاہی محمد (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ ہے، وزیر داخلہ

بلوچستان میں آپریشن شعبان 2، 6 دہشت گرد ہلاک، محسن نقوی کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

ملک کے امن و استحکام کے خلاف سرگرمیوں کا مقابلہ جاری رکھا جائے گا

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں آپریشن شعبان 2 کے تحت فتنہ الہندوستان سے منسلک دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے کارروائی کے دوران 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیے جانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہادری (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کا دورہ، خیبر پختونخوا کی موجودہ سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ، سید عاصم منیر کا شہداء کو خراج عقیدت

شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، فیلڈ مارشل

چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل کی فارمیشنز کو ہمہ وقت چوکس رہنے اور اعلیٰ ترین آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت

دہشتگردی کے خلاف جاری آپریشنز، سرحدوں کے انتظام کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں کے بارے میں بریفنگ

راولپنڈی (آن لائن) چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، خیبر پختونخوا کی موجودہ سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ، آرمی چیف کی فارمیشنز کو ہمہ وقت چوکس رہنے اور اعلیٰ ترین آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت، شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل کا کہنا تھا شہدا کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، انہیں خیبر پختونخوا میں سکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

پشاور، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کے دورے کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے موقع پر سلامی دے رہے ہیں

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان کے پی آئیز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

9 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا، دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد

آپریشن شعبان 2، بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 6 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں، جو آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے علاقے ساران تنگی میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، محمد خان لہڑی

نصیر آباد (آن لائن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ نصیر آباد کے عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ صرف سیاست تک محدود نہیں بلکہ یہ دل کا رشتہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

برطانیہ کی معاونت سے پاکستان کے سیمنٹ سیکٹر میں ٹیکس کمپلائنس مزید مضبوط

ڈیجیٹل آئی پاکستان اور برطانیہ کے عملی تعاون سے تبدیلی لانے کی مضبوط مثال ہے، جین میریٹ

اسلام آباد (آن لائن) برطانیہ کی معاونت سے پاکستان کے سیمنٹ سیکٹر میں ٹیکس کمپلائنس مزید مضبوط ہوئی ہے اور پاکستان کی تمام 27 سیمنٹ فیکٹریوں میں ڈیجیٹل آئی سسٹم کے ذریعے پیداوار کی نگرانی شروع کر دی گئی ہے۔ برٹش ہائی کمیشن اسلام آباد کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مشکاف کے نوجوان نوروز خان سنگرئی جاں بحق

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر کے علاقے میں نامعلوم افراد نے شکار پر جانے والے افراد پر فائرنگ کر دی 2 نوجوانوں کو قتل کر دیا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ڈپٹی کمشنر قلات کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ماہانہ اجلاس

اساتذہ کرام اپنی تمام تر توجہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کی بہترین تربیت پر مرکوز رکھیں

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل ثناء اللہ ثنا، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فیمیل فرزانہ احمدزئی، ڈسٹرکٹ ا (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، وفاقی وزیر

فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کا ڈیٹا بیس تیار کیا جائیگا، عطا تارڑ

پوڈ کاسٹ اسٹوڈیوز سمیت دیگر اسٹوڈیوز یہاں کے صحافیوں کے لئے دستیاب ہونے چاہئیں، پریس کانفرنس سے خطاب

پشاور (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا غیور عوام کی دھرتی ہے، کوہاٹ واقعہ کے زخمیوں اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات ہوئی، ان کے حوصلے بلند دیکھے، شہید پولیس کانسٹیبل فہیم اللہ کے والد نے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر کا اظہار کیا، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کا ڈیٹا بیس تیار کیا جائے، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

بلوچستان میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا عوامی مطالبہ زور پکڑ گیا

رقبے کے لحاظ سے وسیع اور دور افتادہ صوبے میں مزید چار نئے صوبے بنا دیے جائیں، شہریوں کی رائے

کوئٹہ (آن لائن) ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا عوامی مطالبہ تیزی سے زور پکڑتا جا رہا ہے۔ صوبے کے مختلف علاقوں کے ساتھ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

کوئٹہ، سماعت سے محروم بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے انقلابی قدم

سینٹر میں سماعت سے محروم تقریباً 350 بچے اور بچیاں زیر تعلیم ہے، حکام

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سماعت سے محروم خصوصی بچوں کی تعلیم، تربیت، نگہداشت اور بحالی کے لیے ایک اہم اور انقلابی سنگ میل عبور کرتے ہوئے صوبائی دار الحکو (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

گرانفروشوں اور حفظان صحت کے اصولوں کے پاسداری نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) کیپٹن (ر) کبیر مزاری نے سٹیلائٹ ٹاؤن، ایسٹرن بائی پاس اور بھوسہ منڈی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اسسٹنٹ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کا دورہ

فرید آباد (خ ن) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول عمر خان کھوسہ میں اسسٹنٹ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل حیردین (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

پاک روس اور پاک عمان دو ہفتوں کی فوجی مشقیں شروع

مشترکہ فوجی مشقوں سے درمیان دفاعی تعاون مزید مضبوط ہوگا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) پاک روس اور پاک عمان دو ہفتوں کی فوجی مشقیں شروع ہو گئی ہیں اور آئی ایس پی آر کے مطابق مشترکہ فوجی مشقوں سے پاکستان، روس اور عمان کے درمیان دفاعی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان روس مشترکہ فوجی مشق دروژبا-IX کا نواں ایڈیشن شروع ہوگیا، پاکستان روس مشترکہ مشق دروژبا-IX کا آغاز چراٹ میں ہوگیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان عمان مشترکہ فوجی مشق وشاق الجبل-II (ماؤنٹین لنکس-II) کا دوسرا ایڈیشن بھی شروع ہوگیا، پاکستان عمان مشترکہ مشق وشاق الجبل-II (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

چاغی، پی ٹی سی ایل سسٹم کو نقصان پہنچنے کے باعث چوتھے روز بھی معطل

چاغی (آن لائن) پدگ کے علاقے میں پی ٹی سی ایل سسٹم کو نقصان پہنچنے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

دنیا تیز رفتار علمی انقلاب کے دور سے گزر رہی ہے، احسن اقبال

اب وہی قومیں ترقی کی دوڑ میں آگے بڑھیں گی جو علم اور تحقیق کو اپنی ترقی کی بنیاد بنائیں گی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ دنیا تیز رفتار علمی انقلاب کے دور سے گزر رہی ہے، اب وہی قومیں ترقی کی دوڑ میں آگے بڑھیں گی جو علم اور تحقیق کو اپنی ترقی کی بنیاد بنائیں گی۔ اسلام آباد علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں منعقدہ تعلیم، تحقیق اور عملی اقدامات سے متعلق بین الاقوامی کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مصنوعی ذہانت آج کی دنیا کی اہم طاقت بن چکی ہے، اس لیے پاکستان کے تعلیمی نظام کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔

آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کی ایکسپریس نیوز کے ایجنٹ عامر انصاری کی والدہ کی وفات پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے صدر میر احمد راسکوہ وال عبدالحئی سالارانی، شاہجہان بلوچ نے ایکسپریس نیوز کے ایجنٹ عامر انصاری کی والدہ کی وفات پر تعزیت (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

رانا احسان افضل خان سے چینی اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات، جاری اور مستقبل کے منصوبوں سمیت ٹیکنالوجی و مہارت کے تبادلے پر گفتگو

پاکستان اور چین کا ترقیاتی تعاون مزید وسعت دینے پر اتفاق

ملاقات میں مالی امداد، تعمیراتی منصوبوں، چینی فنی مہارت، ٹیکنالوجی اور دستیاب وسائل سے استفادے کے مختلف مواقع پر بھی غور کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور چین نے جاری منصوبوں کے ساتھ ساتھ مستقبل میں ترقیاتی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا ہے۔ اس حوالے سے وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت، صنعت و پیداوار رانا احسان افضل خان نے چین انٹرنیشنل سینٹر فار اکنامک اینڈ ٹیکنیکل ایکسچینجز کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کی۔ چینی وفد کی قیادت ادارے کی ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل محترمہ لی شوین نے کی۔ ملاقات میں و (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

سیاسی انجینئرنگ اور مصنوعی اکثریتوں نے بلوچستان کو بحرانوں میں دھکیلا، مولانا عبدالواسع

وفاق اور صوبے میں اعتماد سازی کا واحد راستہ عوامی رائے کا احترام ہے، جے یو آئی بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے امیر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج وہ بھی تشویشناک حد تک پیچیدہ ہو چکے ہیں، جبکہ جن امور پر آج بات کی جا سکتی ہے، اگر یہی روش برقرار رہی تو آئندہ ان پر بھی گفتگو کی گنجائش باقی نہیں رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بحران کی بنیادی وجہ مسئلے کے حل کے حوالے سے مسلسل غیر سنجیدگی، سیاسی سرد مہری اور وقتی مفادات پر مبنی پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ ہر دور میں صوبے کے دیرپا حل کے لیے قابل عمل تجاویز پیش کی گئیں مگر انہیں دانستہ نظر انداز کیا گیا، جبکہ اصل مسائل کے حل کے بجائے نت نئ تا (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

بلوچستان بھر میں سینئر سٹیزنز کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے، احمد علی درانی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین بلوچستان سینئر سٹیزن کونسل احمد علی درانی نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں سینئر سٹیزنز کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے سینئر سٹیزنز کو جو مسائل درپیش ہیں ان کے مسائل کو حل کرنے کے لیے تمام تر ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینئر سٹیزن سے متعلق ایک اجلاس کی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

عوام کو بہتر انفراسٹرکچر کی فراہمی حکومتی ترجیحات میں شامل ہے، ظہور بلیدی

کیچ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تربت مند روڈ منصوبے کی صورت میں پورا ہو رہا ہے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ کیچ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تربت مند روڈ منصوبے کی صورت میں پورا ہو رہا ہے اور اس اہم منصوبے پر معیاری کام جاری ہے میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ تربت مند روڈ جنوبی بلوچستان میں رابطہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے اہم منصوبہ ہے۔ بلوچستان حکومت صوبے بھر میں معیاری روڈ انفراسٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

وفاقی وزیر خارجہ کا فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ

اسحاق ڈار کا غزہ میں جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر اظہار تشویش

اجلاس میں پاکستان کا فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کے لیے واضح موقف

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں آٹھ عرب اسلامی ممالک کے گروپ کے وزارتی اجلاس میں شرکت کی، جہاں غزہ کی صورتحال اور فلسطین کے معاملے پر پاکستان کے موقف کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان کے مطابق اسحاق ڈار نے غزہ میں جنگ بندی کی مسلسل خلاف ورزیوں اور اس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے جرمن سفیر انا لیپل کی ملاقات

صوبے میں معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی اور تکنیکی مہارتوں کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جعفر خان مندوخیل

پاکستان اور جرمنی کے درمیان مختلف جدید شعبوں میں باہمی تعاون اور تعلقات کو مزید فروغ دینے کے روشن امکانات موجود ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات جرمن سفیر انا لیپل (Ina Lepel) نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان دوطرفہ تعلقات، خطے کی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان مختلف جدید شعبوں میں باہمی تعاون اور (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پاکستان چین ترقیاتی تعاون میں وسعت پر متفق

پاکستان اور چین نے جاری منصوبوں کے ساتھ ساتھ مستقبل میں ترقیاتی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا ہے۔ اس حوالے سے وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت، صنعت و پیداوار رانا احسان افضل خان نے چین انٹرنیشنل سینٹر فار اکنامک اینڈ ٹیکنیکل ایکسچینجز کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کی۔ چینی وفد کی قیادت ادارے کی ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل محترمہ لی شوین نے کی۔ ملاقات میں وزارت تجارت کے ایڈیشنل سیکریٹری برائے تجارتی سفارت کاری ناصر حامد اور چینی سفارتخانے کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں جانب سے پاکستان میں چینی ترقیاتی تعاون کا جائزہ لیا گیا اور جاری و مستقبل کے ان منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا جو پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات سے ہم آہنگ ہیں۔ چینی وفد نے پاکستان حکومت اور متعلقہ اداروں کی جانب سے تعاون اور سہولت کاری کو سراہا۔ رانا احسان افضل خان نے چین انٹرنیشنل سینٹر فار اکنامک اینڈ ٹیکنیکل ایکسچینجز کے پاکستان کے ساتھ دیرینہ تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ادارے نے بالخصوص بلوچستان میں مقامی آبادی اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلسل تعاون پاک چین تعلقات کے عملی اور ترقیاتی پہلو کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ ملاقات میں مادی امداد، تعمیراتی منصوبوں، چینی فنی مہارت، ٹیکنالوجی اور دستیاب وسائل سے استفادے کے مختلف مواقع پر بھی غور کیا گیا۔ رانا احسان افضل خان نے دونوں ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے منصوبوں پر بروقت عملدرآمد، مقامی صلاحیتوں میں اضافہ اور باہمی دلچسپی کے نئے شعبوں کی نشاندہی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے چینی ادارے اور دیگر متعلقہ فریقوں کی جانب سے پاک چین اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت ترقیاتی تعاون کو فروغ دینے کی کوششوں کو بھی سراہا۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں فریقوں نے جاری منصوبوں اور مستقبل میں تعاون کے ممکنہ شعبوں پر مزید تبادلہ خیال کرتے ہوئے عملی، موثر اور باہمی مفاد پر مبنی ترقیاتی تعلقات کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 01

خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور ریاستی ادارے ملک و قوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 02

سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور بلاول بھٹو زرداری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ تقریب میں پارٹی کارکنان نے بھی شرکت کی اور چیئرمین پیپلز پارٹی کی درازی عمر اور کامیابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 03

داخلہ بلوچستان سے رپورٹ طلب کر لی ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیموں کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ شہید پولیس اہلکار اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کر گئے، ان کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جس پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ واقعے کے محرکات اور اس میں ملوث عناصر کا تعین کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں اور تحقیقات کی روشنی میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انسداد پولیو مہم بچوں کو ایک خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کی قومی کاوش ہے، اس مہم سے وابستہ ٹیموں کی حفاظت انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 04

شمولیت اختیار کرنے والے اصغر بگٹی، خالد آبزو، محمد ابراہیم جتوئی، نور احمد سالانی، علی سالانی اور حامد کاکڑ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبے میں عوامی مسائل، ترقیاتی امور اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کو صوبے میں مزید فعال اور منظم بنانے سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مسلم لیگ (ن) میں شامل ہونے والے سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ سیاسی جماعتوں کی مضبوطی، جمہوری عمل کے تسلسل اور عوامی مسائل کے حل کیلئے سیاسی کارکنوں کا مثبت اور فعال کردار نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صوبے میں ترقیاتی عمل کو موثر بنانے، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کیلئے تعلیم و روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔

بقیہ 05

اور بلا رکاوٹ پہنچانے کی اجازت دی جائے۔ مشترکہ اعلامیے میں تمام فریقین پر زور دیا گیا کہ جنگ بندی برقرار رکھی جائے اور اس کی تمام خلاف ورزیاں فوری طور پر ختم کی جائیں۔ اعلامیے کے مطابق روڈ میپ جامع منصوبے کا لازمی حصہ اور دوسرے مرحلے پر عملدرآمد کیلئے بنیادی فریم ورک ہے، جس میں اسرائیلی فوج کا غزہ سے مکمل انخلا اور بین الاقوامی استحکام فورس کی تعیناتی شامل ہے۔ وزرائے خارجہ نے موقف اختیار کیا کہ غزہ کی انتظامی ذمہ داریاں نیشنل کمیٹی برائے انتظام غزہ کو سونپی جانی چاہئیں۔ اعلامیے میں فلسطینیوں کو ان کے وطن سے بے دخل یا جبری طور پر منتقل کرنے کی کسی بھی کوشش کو مسترد کرتے ہوئے کہا گیا کہ مقبوضہ فلسطینی علاقوں کی علاقائی یا آبادیاتی حیثیت تبدیل کرنے کے اقدامات ناقابل قبول ہیں۔ آٹھ ممالک نے اسرائیلی آبادکاری میں توسیع، فلسطینی اراضی پر قبضے اور گھروں کی مسماری کی مذمت کرتے ہوئے آبادکاروں کے تشدد، دہشت گردی اور جبری بے دخلی کے اقدامات فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ یروشلم میں مسلم اور مسیحی مقدس مقامات کی تاریخی اور قانونی حیثیت برقرار رکھنے پر بھی زور دیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے میں برطانیہ کے حالیہ اقدامات سمیت اسرائیلی غیر قانونی آبادکاری کے خلاف قومی اور یورپی سطح پر کیے جانے والے اقدامات کا خیر مقدم کیا گیا اور غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے تجارت روکنے سمیت مزید موثر اقدامات پر زور دیا گیا۔ وزرائے خارجہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ غزہ فلسطینی سرزمین کا لازمی حصہ رہے گا جبکہ مغربی کنارے، مشرقی یروشلم اور غزہ کی دوبارہ وحدت جامع منصوبے پر عملدرآمد کا حصہ ہونی چاہیے۔ اعلامیے میں فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کی جانب ناقابل واپسی راستہ یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ آٹھ ممالک نے مشرقی یروشلم کو دارالحکومت بنانے والی خودمختار، قابل عمل اور آزاد فلسطینی ریاست کی حمایت کرتے ہوئے دو ریاستی حل کے نفاذ کے ذریعے فلسطینی ریاست کے قیام کی جانب عملی پیش رفت کو ضروری قرار دیا۔ مشترکہ اعلامیے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت کو سراہتے ہوئے جامع منصوبے پر عملدرآمد کیلئے امریکہ کے کردار کو ناگزیر قرار دیا گیا۔ وزرائے خارجہ نے امریکہ کی مسلسل اور فعال شمولیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ روڈ میپ پر عملدرآمد کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کیلئے امریکی کردار ضروری ہے۔ آٹھ ممالک نے کہا کہ وہ جامع منصوبے اور روڈ میپ پر مکمل عملدرآمد کیلئے امریکہ، بورڈ آف پیس اور فلسطینی اتھارٹی کے ساتھ مل کر کام جاری رکھیں گے۔ اعلامیے میں تمام فریقین، بالخصوص اسرائیل، پر زور دیا گیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں اور کیے گئے وعدے مکمل طور پر پورے کریں۔

بقیہ 06

کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت جب سے آئی ہے مسلسل کہہ رہی ہے کہ آئیں اور مذاکرات کریں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ توہین عدالت کا فیصلہ عدالت میں ہوتا ہے، سڑکوں پر نہیں۔ اگر عدالت سمجھتی ہے کہ توہین عدالت ہوئی ہے تو وہ متعلقہ شخص کو بلا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلاشنکوف لہرانے سے توہین عدالت کا سدباب نہیں ہوتا۔ معاملات کو قانون اور آئینی طریقہ کار کے مطابق آگے بڑھانا چاہیے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ حکومت جب سے آئی ہے بار بار ایک ہی بات کر رہی ہے کہ اپوزیشن مذاکرات کے لیے آئے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن سے کئی مرتبہ کہا جا چکا ہے کہ آئیں، بیٹھیں اور بات چیت کے ذریعے معاملات حل کریں۔ مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کا ایک ہی مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو رہا کیا جائے۔ ان کا سوال تھا کہ کیا پارلیمان اور حکومت چاہیں بھی تو بانی پی ٹی آئی کو رہا کر سکتی ہیں؟ کیا کوئی وزیر بانی پی ٹی آئی کو رہا کر سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ جن معاملات کا فیصلہ عدالتوں میں ہونا ہے، ان کا فیصلہ عدالتیں ہی کریں گی، جبکہ سیاسی معاملات کے حل کے لیے مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 07

سراج کو زخمی کر دیا اور انجمن میں داخل ہو کر دفتر کو آگ لگا دی جس سے سامان جل گیا بتایا جاتا ہے کہ منڈ میں کسٹمز انفورسمنٹ کی کارروائیوں کے بعد اہلکاروں کو دھمکیاں موصول ہو رہی تھیں۔

بقیہ 08

کی گئی اور مارچ کی تیاریوں سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جانب سے کہا گیا کہ 27 ستمبر کا مارچ جمہوری اور آئینی حقوق کے لیے ہوگا اور اسے مکمل طور پر پرامن رکھا جائے گا۔ ملاقات کے دوران علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی گرفتاریوں پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مذمت کی گئی۔ رہنماؤں نے سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو مبینہ طور پر ہراساں کیے جانے اور گرفتاریوں کے عمل پر بھی تحفظات کا اظہار کیا۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے مطابق ملک میں سیاسی سرگرمیوں کے خلاف جاری اقدامات باعث تشویش ہیں۔ رہنماؤں نے سیاسی معاملات کو آئینی اور جمہوری طریقے سے آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل اور اپوزیشن جماعتوں کے درمیان باہمی تعاون کو مزید موثر بنانے سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان نے واضح کیا کہ 27 ستمبر کے مارچ کے دن اور اس حوالے سے حتمی فیصلہ اتحاد کی قیادت خود کرے گی۔

بقیہ 09

کی تازہ صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشنز، سرحدوں کے انتظام کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے افسران اور جوانوں کے بلند حوصلے، تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا اور ملک و قوم کے تحفظ کے لئے ان کے غیر متزلزل عزم کا اعتراف کیا۔ انہوں نے فارمیشنز کو ہدایت کی کہ وہ چوکس رہیں اور آپریشنل تیاریوں کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مسلح افواج، قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ، دہشت گردی کو شکست دینے اور ملک بھر میں پائیدار امن و استحکام کو یقینی بنانے کے اپنے عزم پر ثابت قدم ہیں۔ انہوں نے یادگار شہداء پر پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی، اور مادر وطن کے دفاع اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو شاندار خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر، کمانڈر پشاور کور نے فیلڈ مارشل کا استقبال کیا۔

بقیہ 10

اور موثر کارروائی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے کامیاب آپریشن کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنا دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں اور ملک کے امن و امان کے تحفظ کے لیے ان کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے امن و استحکام کے خلاف سرگرمیوں کا مقابلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ ہے۔

بقیہ 11

دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کیا۔ ہلاک فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں، جو آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 12

بھائی چارے، عزت، اعتماد اور خلوص پر مبنی ہے حلقہ انتخاب کے عوام نے ہمیشہ ہم پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے خدمت کا موقع فراہم کیا ہے، جس پر ہم ان کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں ہماری سیاست کا محور ہمیشہ عوام کی خدمت ان کے مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی و خوشحالی رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملنے والے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ ہم نے ماضی میں بھی بلاامتیاز اور رنگ و نسل برادری و سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر حلقے کے عوام کی بے لوث خدمت کی ہے اور آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ عوامی خدمت کرتے رہیں گے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں تعلیم، صحت، آبنوشی، سڑکوں، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے ان کا کہنا تھا کہ عوامی اعتماد ہمارے لیے سب سے بڑی طاقت ہے اور اسی اعتماد کو برقرار رکھتے ہوئے عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے انہوں نے کہا کہ سیاست کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں اور ہمارا مقصد اپنے حلقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے حاجی محمد خان لہڑی نے مزید کہا کہ نصیر آباد کے عوام نے ہر مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا ہے اس لیے ان کے اعتماد اور محبت کا جواب عملی خدمت کے ذریعے دینا ہماری ذمہ داری ہے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے ہماری کوششیں مستقبل میں بھی اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی۔

بقیہ 13

۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ شب پنجی کے علاقے مشکاف کے رہائشی نوروز خان کشاری کے علاقے میں شکار کے لئے گئے جہاں پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا بتایا جاتا ہے کہ فائرنگ کے واقعہ میں ایک اور نوجوان مولا بخش بھی ہلاک ہوا ہے واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقامی انتظامیہ واقعہ کی تحقیقات کے ذریعے حقائق معلوم کر رہی ہے۔

بقیہ 14

کالس آفیسر عبدالفتاح سمیت محکمہ تعلیم قلات و خالق آباد کے افسران، کالجز کے پرنسپلز اور آر ٹی ایس ایم نے شرکت کی۔ جلاس میں ضلع قلات میں محکمہ تعلیم کی کارکردگی، سرکاری سکولوں میں اساتذہ کی حاضری، زیر تعمیر سکولوں کی تکمیل، سکولوں کی عمارتوں کی مرمت، اساتذہ کی کمی، ٹرانسفر و پوسٹنگ، انکوائریز اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ تعلیم کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں سے کی جانے والی کٹوتیوں اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ تعلیم کے شعبے کی بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے محکمہ تعلیم کو درپیش مسائل کے حل اور تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکولوں میں اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت قابل قبول نہیں، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اساتذہ کرام اپنی تمام تر توجہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کی بہترین تربیت پر مرکوز رکھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، انہیں معیاری تعلیم اور بہتر ماحول فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے محکمہ تعلیم کے افسران اور آر ٹی ایس ایمز کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر سکولوں کے دورے کریں اور اساتذہ کی حاضری سمیت تعلیمی سرگرمیوں کی باقاعدگی سے نگرانی کو یقینی بنائیں، تاکہ ضلع میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 15

ڈیجیٹل آئی سسٹم سے پیداوار کی نگرانی میں دستی معائنوں اور کاغذی کارروائی پر انحصار کم ہوا، ڈیجیٹل آئی سسٹم ایف بی آر کو سیمنٹ فیکٹریوں کی پیداوار کی آزادانہ اور حقیقی وقت کی معلومات فراہم کر رہا ہے، ڈیجیٹل آئی سسٹم جدید ویڈیو اینالیٹکس کے ذریعے پیداواری لائنوں کی حقیقی وقت میں نگرانی کرتا ہے، ڈیجیٹل آئی سسٹم ایف بی آر کے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ برطانوی ہائی کمیشن کے مطابق ڈیجیٹل آئی سسٹم سے پیداوار کی نگرانی میں دستی معائنوں اور کاغذی کارروائی پر انحصار کم ہوا، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے سینئر ایف بی آر حکام کے ہمراہ فیکٹو سیمنٹ کا دورہ کیا، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے فیکٹو سیمنٹ میں ڈیجیٹل آئی ٹیکنالوجی کا عملی مظاہرہ دیکھا۔ اس موقع پر جین میریٹ نے کہا کہ ڈیجیٹل آئی پاکستان اور برطانیہ کے عملی تعاون سے تبدیلی لانے کی مضبوط مثال ہے، ڈیجیٹل آئی پاکستان میں تیار ہوا، اب ایف بی آر اسے ملک بھر میں چلا رہا ہے، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے کہا کہ ڈیجیٹل آئی ٹیکس کمپلائنس، منصفانہ مسابقت اور شفافیت کے فروغ میں معاون ہے، برطانیہ نے تکنیکی مہارت کے ذریعے ڈیجیٹل آئی منصوبے کے سفر میں پاکستان کی معاونت کی۔ ایف بی آر کے مطابق حقیقی وقت میں پیداوار کی نگرانی سے سیمنٹ اور شوگر سیکٹر میں ٹیکس کمپلائنس بہتر ہوئی، ڈیجیٹل آئی نے کمپلائنس کرنے والے ٹیکس دہندگان پر اضافی بوجھ ڈالے بغیر ٹیکس نگرانی مضبوط کی، ایف بی آر ڈیجیٹل آئی نظام کو مزید بہتر بنانے اور دیگر شعبوں تک توسیع دینے پر کام کر رہا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق درست پیداواری ڈیٹا ایمانداری سے پیداوار ظاہر کرنے والے کاروباروں کا تحفظ کرتا ہے، ڈیجیٹل آئی منصوبے میں برطانیہ نے REMIT کے ذریعے ایف بی آر کو تکنیکی معاونت فراہم کی، پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنی نے ڈیجیٹل آئی سسٹم تیار کیا، برطانوی تکنیکی معاونت سے ملک بھر میں نافذ کیا گیا۔ برطانوی ہائی کمیشن کے مطابق پاکستانی اختراع کو بین الاقوامی شراکت داری کے ذریعے قومی سطح پر وسعت دی گئی، افریقی ممالک بھی پاکستان کے جدید ٹیکس کمپلائنس ماڈل میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ ڈیجیٹل آئی اور ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے ذریعے پیداواری ریکارڈ کا باہمی تقابل ممکن ہے۔ ٹریک اینڈ ٹریس پیداواری لائن سے نکلنے والی مصنوعات کا ریکارڈ رکھتا ہے، ڈیجیٹل آئی پیداوار کی آزادانہ نگرانی کرتا ہے۔ برطانیہ کی معاونت سے ایف بی آر نے ڈیجیٹل آئی کو چلانے، برقرار رکھنے اور مزید ترقی دینے کی صلاحیت حاصل کی۔ 2023 میں آزمائشی منصوبے سے شروع ہونے والا ڈیجیٹل آئی اب پاکستان کی تمام 27 سیمنٹ فیکٹریوں تک پہنچ گیا۔ ڈیجیٹل آئی نظام سیمنٹ کے بعد شوگر سیکٹر تک بھی توسیع پا چکا ہے۔ ڈیجیٹل آئی کو مزید شعبوں تک توسیع دینے کے منصوبے زیر غور ہیں۔ حکومت پاکستان کے مطابق سیمنٹ سیکٹر سے 32 ارب روپے کی وصولی میں وسیع تر اصلاحات نے مدد دی۔ حکومت پاکستان کے مطابق حالیہ کرشنگ سیزن میں ریکارڈ شدہ شوگر پیداوار میں 31 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 16

زارت تجارت کے ایڈیشنل سیکریٹری برائے تجارتی سفارت کاری ناصر حامد اور چینی سفارتخانے کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں جانب سے پاکستان میں چینی ترقیاتی تعاون کا جائزہ لیا گیا اور جاری و مستقبل کے ان منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا جو پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات سے ہم آہنگ ہیں۔ چینی وفد نے پاکستان حکومت اور متعلقہ اداروں کی جانب سے تعاون اور سہولت کاری کو سراہا۔ رانا احسان افضل خان نے چین انٹرنیشنل سینٹر فار اکنامک اینڈ ٹیکنیکل ایکسچینجز کے پاکستان کے ساتھ دیرینہ تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ادارے نے بالخصوص بلوچستان میں مقامی آبادی اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلسل تعاون پاک چین تعلقات کے عملی اور ترقیاتی پہلو کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ ملاقات میں مادی امداد، تعمیراتی منصوبوں، چینی فنی مہارت، ٹیکنالوجی اور دستیاب وسائل سے استفادے کے مختلف مواقع پر بھی غور کیا گیا۔ رانا احسان افضل خان نے دونوں ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے منصوبوں پر بروقت عملدرآمد، مقامی صلاحیتوں میں اضافہ اور باہمی دلچسپی کے نئے شعبوں کی نشاندہی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے چینی ادارے اور دیگر متعلقہ فریقوں کی جانب سے پاک چین اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت ترقیاتی تعاون کو فروغ دینے کی کوششوں کو بھی سراہا۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں فریقوں نے جاری منصوبوں اور مستقبل میں تعاون کے ممکنہ شعبوں پر مزید تبادلہ خیال کرتے ہوئے عملی، موثر اور باہمی مفاد پر مبنی ترقیاتی تعلقات کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 17

صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری لا عبدالمنان کاکڑ و ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالعلی، ڈائریکٹر جنرل ریٹائرڈ ایگریکلچر یار محمد پندرانی ڈائریکٹر ریٹائرڈ ہیلتھ اقبال خان مروت، اور سینئر سٹیزنز نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین بلوچستان سینئر سٹیزن کونسل احمد علی درانی نے کہا کہ اس سے پہلے سینئر سٹیزنز کو جو مسائل درپیش تھے ہم نے ان کی خدمت کے لیے بھرپور کوشش کی انہوں نے کہا کہ یہ ہماری دینی اور معاشرتی ذمہ داری ہے اور ہمارا اسلام بھی کہتا ہے کہ ہم اپنے بزرگوں کی خدمت کریں ان کو اف تک نہ کہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سے اپیل ہے کہ ہمارے سینئر سٹیزنز کی جو مسائل ہیں ان پر خصوصی توجہ دی جائے اور ان کے حل میں ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کریں تاکہ سینئر سٹیزنز کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل ہوں۔

بقیہ 18

ویلات اور مصنوعی بیانیے تراشے جاتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائبرڈ نظام کا تجربہ مکمل طور پر ناکام ثابت ہو چکا ہے اور اس ناکام تجربے کی بھاری قیمت عوام اور ریاست دونوں نے ادا کی ہے۔ گزشتہ عام انتخابات اور اس سے قبل ہونے والے انتخابی عمل کو جس انداز میں عوامی مینڈیٹ کا مذاق بنایا گیا، آج بلوچستان میں پیدا ہونے والی بے چینی، سیاسی عدم استحکام اور بداعتمادی اسی کے براہ راست نتائج ہیں۔ اگر ریاست واقعی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کی خواہاں ہے تو اس کا واحد راستہ عوامی مینڈیٹ کی غیر مشروط بحالی، شفاف، آزاد اور غیر جانبدار دوبارہ انتخابات کا انعقاد اور عوام کے حق حکمرانی کا مکمل احترام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی پالیسیوں اور غلط فیصلوں کا احتساب کرنے کے بجائے سیاسی قیادت کی کردار کشی کرنا اور اسے مسائل کا ذمہ دار ٹھہرانا نہ صرف جمہوری اقدار کے منافی ہے بلکہ یہ ملک کے سیاسی مستقبل کے لیے بھی انتہائی خطرناک رجحان ہے۔ یہی عناصر مختلف ادوار میں منتخب سیاسی قیادت کو متنازع بنانے، پارلیمانی اداروں کو کمزور کرنے اور جمہوری نظام کو غیر موثر ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ بلوچستان اور وفاق کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج کو ختم کرنے کا واحد راستہ اعتماد سازی ہے، اور اعتماد سازی کی پہلی شرط آزاد، شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کے ذریعے عوامی رائے کا احترام ہے۔ سیاسی انجینئرنگ، مصنوعی اکثریتوں اور سودے بازی کی سیاست نے صوبے کو مسلسل بحرانوں کی دلدل میں دھکیلا ہے، لہٰذا اب وقت آ گیا ہے کہ آئین، جمہوریت اور عوامی اختیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور اس گمراہ کن بیانیے کو دوٹوک انداز میں مسترد کیا جائے کہ پارلیمان صوبائی مسائل حل کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی، کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ جب حقیقی عوامی نمائندگی کو سلب کیا جاتا ہے تو انہی قوتوں کے بیانیے کو تقویت ملتی ہے جو پارلیمانی نظام اور جمہوری اداروں کو کمزور دیکھنا چاہتی ہیں۔

بقیہ 19

تعلقات کو مزید فروغ دینے کے روشن امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی نے جدید ٹیکنالوجی، قابل تجدید توانائی، فنی و تکنیکی تعلیم اور دیگر شعبوں میں نمایاں تجربہ اور مہارت حاصل کی ہے جس سے بلوچستان بھی استفادہ کر سکتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن کے فروغ کیلئے جرمنی کے تعاون اور اسکے تعلیمی تجربات سے فائدہ اٹھانا انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے میں معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی و تکنیکی مہارتوں کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ نوجوانوں کیلئے روزگار کے بہتر مواقع کی خاطر پرائیویٹ سیکٹر کو مزید مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں جدید مہارتوں، ووکیشنل ٹریننگ اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ تعلیمی و تربیتی پروگرام اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے مختلف مواقعوں پر جرمن حکومت کی جانب سے فراہم کیے جانے والے تعاون اور امداد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے جرمن سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ بلوچستان میں بلیو اکانومی، فشریز، معدنیات اور زراعت سمیت مختلف شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے منافع مواقعوں سے استفادہ کریں۔ دونوں رہنماؤں نے ہائیر ایجوکیشن، ووکیشنل ٹریننگ، سولر انرجی اور دیگر جدید شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ جرمن سفیر انیا لیپل نے گورنر بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے جرمنی کے تعاون کو جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات کے اختتام پر جرمن سفیر انیا لیپل اور دیگر معزز مہمانوں کے اعزاز میں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ظہرانہ بھی دیا گیا۔ ملاقات میں اعزازی قونصل جنرل میر مراد بلوچ، میریم اریسٹا (Mirjam Arista)، پارلیمنٹیرینز میر شعیب نوشیروانی، محمد خان لہڑی، برکت رند، زرک خان مندوخیل، رسک سیموئل (Risk Samuel)، صوبائی سیکرٹری ہاشم خان غلزئی اور ولی خان مندوخیل بھی شریک تھے۔

بقیہ 20

نتیجے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی آبادکاری کی سرگرمیوں اور آبادکاروں کی جانب سے تشدد کی بھی شدید مذمت کی۔ نائب وزیراعظم نے مقدس مقامات کی تاریخی حیثیت اور تقدس کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کو مسترد کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے غزہ امن منصوبے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 2803 پر مکمل عملدرآمد کی ضرورت بھی اجاگر کی۔ اقوام متحدہ کے ریکارڈ کے مطابق قرارداد 2803 نومبر 2025 میں منظور ہوئی تھی اور اس میں غزہ سے متعلق جامع امن منصوبے کی توثیق کی گئی تھی۔ اسحاق ڈار نے فلسطینی عوام کے لیے ایک خودمختار، آزاد اور جغرافیائی طور پر متصل ریاست کے قیام کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق نائب وزیراعظم نے واضح کیا کہ پاکستان ایسی فلسطینی ریاست کی حمایت کرتا ہے جو 1967 سے پہلے کی سرحدوں کی بنیاد پر قائم ہو اور جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو۔

بقیہ 21

کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور اہل خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور توفیق دے بیان میں کہا گیا کہ ہم سوگوار خاندان کے اس غم میں برابر شریک ہیں اور مرحومہ کے بلند درجات کیلئے دعا گو ہیں۔

بقیہ 22

کچر کے ذریعے رابطوں کو بہتر بنانے اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور جنوبی بلوچستان کے عوام کو بہتر انفراسٹرکچر کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے کیچ اور جنوبی بلوچستان میں آمدورفت اور رابطہ کاری میں بہتری آئے گی اور خطے میں ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 23

کے بعد دالبندین سمیت ضلع چاغی بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل ہے، جس کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے پدگ کے علاقے میں پی ٹی سی ایل کے سسٹم کو دھماکے سے نقصان پہنچایا تھا، جس کے بعد دالبندین سمیت ضلع بھر میں یوفون، ڈی ایس ایل، فائبر اور لینڈ لائن سروسز مکمل طور پر متاثر ہو گئی ہیں۔ مواصلاتی نظام کی بندش کے باعث شہریوں، کاروباری افراد اور دیگر صارفین کو رابطوں میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ انٹرنیٹ سروس بھی متاثر ہونے سے معمولات زندگی اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ پی ٹی سی ایل کے مقامی ذرائع کے مطابق متاثرہ سسٹم کی بحالی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 24

صحبت پور جناب زبیر احمد مری نے دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اساتذہ کرام سے میٹنگ کی اور طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم حاصل کرنا ہر مرد و زن پر فرض ہے۔ تعلیم کے راستے میں جتنی بھی مشکلات حائل ہوں، ان سے نمٹنے کے لیے بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ و طالبات کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں تعلیم کا دیا جلانے والی ہستیوں یعنی اساتذہ کرام کا احترام لازم ہے۔ ان کے جائز مطالبات کو فوری طور پر حل کیا جائے گا۔ زبیر احمد مری نے مزید کہا کہ اساتذہ کی شان و شوکت کے اعتراف میں ہر سال 5 اکتوبر کو عالمی یوم اساتذہ منایا جاتا ہے، اسی مناسبت سے ہمیں بھی اپنے محترم اساتذہ کی عظمت و جلال پر پروگرامات منعقد کرنے چاہئیں۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ 3 اکتوبر بروز ہفتہ صبح 9 بجے گورنمنٹ پرائمری سکول عمر خان کھوسہ میں زیر صدارت "تکریم اساتذہ" کی ایک پروقار تقریب منعقد کی جائے گی۔ اس سرگرمی کی تاریخ اس وقت موجود اساتذہ رئیس اللہ ڈنہ منگریو اور میر احمد قلاتی نے مشترکہ طور پر طے کی اور اساتذہ کرام کو دعوتیں دینا شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 25

کا آغاز نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر میں ہوا اور دونوں مشترکہ فوجی مشقیں دو مشقوں پر مشتمل ہیں، مشقوں میں پاک فوج، روسی فوج اور رائل آرمی آف عمان کے دستے شریک ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مشترکہ مشقوں کا مقصد آپریشنل تجربات کا تبادلہ اور انسداد دہشت گردی کی مشقوں و طریقہ کار کو مزید بہتر بنانا ہے، مشترکہ تربیت اور بہترین عملی طریقوں کے تبادلے سے افواج کی جنگی مہارت اور حربی صلاحیتیں مزید بہتر ہوں گی، مشترکہ فوجی مشقوں سے پاکستان، روس اور عمان کے درمیان دفاعی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔

بقیہ 26

میں ناجائز منافع خوروں، گرانفروشوں اور حفظان صحت کے اصولوں کی پاسداری نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی اور زائد قیمت پر اشیا فروخت کرنے پر 9 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد اور عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیا کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ اس کے علاوہ عوام کی صحت کو نقصان اور حفظان صحت کے اصولوں کے برعکس اشیا خورد و نوش کی تیاری اور فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی لہٰذا تمام تاجر اور دوکاندار سرکاری نرخ نامے کے مطابق اور معیاری اشیا خورد و نوش فروخت کریں بصورت دیگر ضلعی انتظامیہ سخت کارروائی کرے گی۔

بقیہ 27

مت میں پہلے ڈیف چلڈرن اکیڈمی ایس اینڈ ریسرچ سینٹر کا باقاعدہ قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس جدید ادارے کا افتتاح وفاقی وزیر ثقافت اورنگزیب نے وفاقی اور صوبائی حکومت کے باہمی تعاون سے کیا ہے۔ اس وقت اس سینٹر میں سماعت سے محروم تقریباً 350 بچے اور بچیاں زیر تعلیم ہیں، جہاں انہیں پرائمری سے لے کر ثانوی درجے تک معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید فنی تربیت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ خصوصی بچوں خصوصاً بچیوں کو معاشرے کا ایک خودکفیل اور مفید شہری بنانے کے لیے تعلیم کے ساتھ سلائی، کڑھائی اور دیگر ہنر کی خصوصی تربیت کا بندوبست بھی کیا گیا ہے۔ ماہرین تعلیم اور سماجی حلقوں نے بلوچستان میں اس نوعیت کے پہلے ادارے کے قیام کو خصوصی بچوں کی تعلیم، ہنرمندی اور فلاح و بہبود کی سمت ایک انتہائی شاندار اور تاریخی پیشرفت قرار دیا ہے، جس سے صوبے کے محروم طبقات کے بچوں کو روشن مستقبل کے حصول میں بڑی مدد ملے گی۔

بقیہ 28

پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، یہ نہیں معلوم کہ فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے۔ یہاں پشاور پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ کوہاٹ سے خیبر پختونخوا کے دورے کا آغاز کیا، خیبر پختونخوا غیور عوام کی دھرتی ہے، کوہاٹ واقعہ کے زخمیوں اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات ہوئی، ان کے حوصلے بلند دیکھے، شہید پولیس کانسٹیبل فہیم اللہ کے والد نے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر کا اظہار کیا، پشاور پریس کلب کی دنیا میں منفرد حیثیت ہے، پشاور کے صحافیوں نے دہشت گردی کی جنگ میں بڑی قربانیاں دی ہیں۔ وزیر اطلاعات نے تجویز دی کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کا ڈیٹا بیس تیار کیا جائے، شہید اور دوران سروس وفات پانے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا، ہیلتھ انشورنس کا بھی پشاور کے صحافیوں کے لئے اجراء ضروری ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہداء کے لواحقین پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، پشاور کلب کی قومی بیانیہ کے حوالے سے متوازن پالیسی ہے، 9 مئی کو ریڈیو پاکستان پشاور کی نذر آتش کی جانے والی عمارت وزیراعظم کی ہدایت پر مکمل طور پر فعال کر دی گئی ہے، ریڈیو پاکستان کے دروازے صحافیوں کے لئے کھلے ہیں، پشاور کے صحافی ریڈیو پاکستان کے اسٹوڈیوز کے ذریعے پوڈ کاسٹ اور وی لاگ ریکارڈ کر سکتے ہیں، پوڈ کاسٹ اسٹوڈیوز سمیت دیگر اسٹوڈیوز یہاں کے صحافیوں کے لئے دستیاب ہونے چاہئیں، عبداللہ جان مرحوم نے ریڈیو پاکستان پشاور سے پاکستان بننے کا اعلان پشتو زبان میں کیا تھا، ریڈیو پاکستان کا معلومات کی فراہمی میں اہم کردار ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ صحافیوں سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہے گا، خیبر پختونخوا میں تعمیر و ترقی پر توجہ کی ضرورت ہے، خیبر پختونخوا میں ساڑھے 12 سال سے ایک حکومت موجود ہے لیکن یہاں ترقی کا فقدان ہے، اس پر توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم صاحب سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے امیر جماعت اسلامی نے لانگ مارچ کو موخر پر مشاورت کرنے کا کہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پورے پاکستان میں موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو رعایتی نرخوں پر پیٹرول فراہم کیا جا رہا ہے، پورے پاکستان میں اربوں روپے کا ریلیف دیا جا رہا ہے۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، یہ نہیں معلوم کہ فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کے لئے ہیں، احتجاجوں کے لئے نہیں، پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پرامن نہیں رہ سکتی، انسداد دہشت گردی کی مدت میں این ایف سی ایوارڈ میں ہر سال خیبر پختونخوا حکومت کو حصہ دیا جاتا ہے، این ایف سی کے آغاز کے بعد سے اب تک 16 سال ہو چکے ہیں، کوئی بتا سکتا ہے کہ اربوں روپے کی رقم امن و امان کیلئے کہاں خرچ کی گئی ہے۔

بقیہ 29

ساتھ لسبیلہ کے شہریوں نے بھی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں آواز بلند کرتے ہوئے اسے خطے کی ترقی اور مسائل کے حل کے لیے ناگزیر قرار دیا ہے۔ لسبیلہ کے مکینوں کا اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہنا تھا کہ اگر بلوچستان جیسے رقبے کے لحاظ سے وسیع اور دور افتادہ صوبے میں مزید چار نئے صوبے بنا دیے جائیں تو یہ ایک بہترین اور انتہائی خوش آئند قدم ہوگا۔ شہریوں کا ماننا ہے کہ اگر لسبیلہ کو الگ صوبہ یا انتظامی یونٹ کا درجہ مل جائے تو مقامی لوگوں کو اپنے چھوٹے بڑے کاموں کے لیے سیکڑوں کلومیٹر کا سفر طے کر کے کوئٹہ نہیں جانا پڑے گا۔ شہریوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کے دور افتادہ اضلاع میں نئے صوبوں کے قیام سے عوامی مسائل اب مقامی سطح پر ہی با آسانی حل ہو سکیں گے۔ اس اقدام سے عوام اپنے انتظامی و قانونی معاملات اور روزمرہ کے مسائل متعلقہ حکام تک زیادہ موثر طریقے سے پہنچا سکیں گے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ نئے انتظامی یونٹس بننے سے نہ صرف عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ حکومتی نظم و نسق (گورننس) میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ بلوچ عوام کی جانب سے اٹھنے والی یہ آواز واضح کرتی ہے کہ وہ اس انتظامی اصلاحاتی تجویز کی بھرپور اور مکمل حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ 30

مستقبل پر حملہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے، زخمی اہلکاروں کو جلد صحت کاملہ عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے ایسے بزدلانہ واقعات میں ملوث شرپسند عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کے لیے حکومت کے عزم میں کوئی کمی نہیں آئے گی اور پولیو مہم ہر صورت جاری رہے گی۔

بقیہ 31

کے نتیجے میں مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر جمع ہو گئے تھے انہوں نے کہا کہ اب صفائی کا عمل دوبارہ شروع کر دیا گیا ہے اور شہر کی مین شاہراہوں سمیت گلی محلوں میں صفائی کا کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے اور صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

بقیہ 32

سائیکلیں فراہم کر دی گئی ہیں تاکہ پولیس کے موبائل گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ پولیسنگ کو بہتر بنا کر عوام کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ پولیس حکام کے مطابق موٹر سائیکلوں کی فراہمی کا مقصد بالخصوص گنجان آباد علاقوں، تنگ راستوں اور دشوار گزار مقامات پر پولیس گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ کارکردگی کو مزید بہتر بناتے ہوئے پولیس کی بروقت عوام کے مسائل کی دادرسی کیلئے موقع پر پہنچنا ہے۔ اس اقدام سے پولیس اہلکاروں کی بروقت رسائی اور کارروائی میں بہتری کے ساتھ وقت اور ایندھن کی بچت بھی ممکن ہوگی۔ حکام کے مطابق پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور دور دراز علاقوں میں پولیسنگ کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جدید آلات اور ضروری وسائل کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ گاڑیوں کے ساتھ موٹر سائیکل گشت کو منظم اور موثر بنانے سے مختلف علاقوں میں عوام کی مشکلات کے حل اور دادرسی سمیت جرائم پیشہ و سماج دشمن عناصر کے خلاف فوری کارروائی میں مدد ملے گی۔ ان موٹر سائیکلوں کو موبائل گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ پولیسنگ کے لیے استعمال کیا جائے گا جس سے شہری و گنجان آباد علاقوں کے ساتھ ساتھ دور دراز اور دشوار گزار مقامات پر بھی پولیس کی رسائی اور موجودگی کو مزید موثر اور ممکن بنایا جا سکے گا۔

بقیہ 33

کمشنر عبدالرزاق ساسولی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نیاز اللہ سالانی اے ڈی او طاہر کریم تھے، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کے مختلف شعبہ جات اور لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا اور آئی ٹی سمیت تعلیمی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے طلبہ میں کتابیں بھی تقسیم کیں اور تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے طلبہ سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کالج کے اسٹاف روم میں پروفیسرز اور دیگر تدریسی عملے سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل اور مشکلات سنے اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کی تعلیمی سرگرمیوں اور سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی بات چیت کی۔ کالج انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کے اچانک دورے، طلبہ میں کتابوں کی تقسیم اور اساتذہ کے مسائل سننے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 34

میں عوام کو ریلیف کی فراہمی، اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی، سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد اور شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پولٹری ایسوسی ایشن کے صدر حاجی کریم، حافظ ولی، سبزی و پھل فروشوں کے نمائندے فضل، الداود ہوٹل کے نمائندے، پرائس کنٹرول کمیٹی کے نمائندے نیاز احمد سمیت دیگر متعلقہ نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکا نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور شہریوں کو درپیش مسائل سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مرغی کے گوشت کی قیمت 700 روپے سے کم کر کے 650 روپے فی کلو مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس فیصلے کا مقصد شہریوں کو اشیائے ضروریہ مناسب نرخوں پر فراہم کرنا اور مہنگائی کے اثرات کو کم کرنا ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایات کی روشنی میں شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ نمائندگان کو ہدایت کی کہ دکانوں اور ہوٹلوں میں صفائی ستھرائی کے موثر انتظامات یقینی بنائے جائیں، سرکاری نرخنامہ نمایاں مقامات پر آویزاں کیا جائے اور اشیائے خورد و نوش کی خرید و فروخت مقررہ سرکاری نرخوں کے مطابق کی جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی، گران فروشی اور صفائی کے ناقص انتظامات کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تربت شہر میں قیمتوں اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کی نگرانی کے لیے باقاعدگی سے معائنہ اور دورے کیے جائیں گے علاوہ ازیں اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے ہول سیلرز اور پولٹری ایسوسی ایشن کے نمائندگان کو ہدایت کی کہ ریسٹورنٹس اور گھروں میں ہوم ڈیلیوری کے لیے نامزد کیے گئے کارکنوں کو ضلعی انتظامیہ کیچ کے دفتر میں بھیجا جائے تاکہ ان کے نام باقاعدہ طور پر درج کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی بہتری اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 35

تعلیم، نظم و ضبط اور محنت کی اہمیت پر زور دیا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر ماہ نور برکت نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے اپنے تعلیمی و پیشہ ورانہ تجربات شیئر کیے اور اعلیٰ تعلیم، مختلف کیریئر مواقع اور مقابلے کے امتحانات سے متعلق رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ واضح اہداف مقرر کر کے مستقل مزاجی اور محنت سے اپنے مستقبل کو روشن بنائیں۔ تقریب میں فرسٹ ایئر کے طلبہ نے بھرپور شرکت کی، جبکہ کالج انتظامیہ نے نئے طلبہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 36

یا ٹرک اڈوں میں قائم ہوں۔ حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ میں گزشتہ گیارہ سال سے ناجائز تجاوزات کے خلاف متعلقہ حکام کو بار بار زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا جا چکا ہے۔ اس سلسلے میں کیو ڈی اے، انکروچمنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن، میٹروپولیٹن کارپوریشن، تھانہ شالکوٹ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کو بھی متعدد مرتبہ درخواستیں دی جا چکی ہیں، مگر افسوس کہ آج تک موثر کارروائی نہیں کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی کے فٹ پاتھوں پر غیر قانونی طور پر کھوکھے اور ہوٹل قائم کر دیے گئے ہیں، جہاں مختلف اشیاء فروخت کی جا رہی ہیں۔ بعض مقامات پر مضر صحت اشیاء کی فروخت اور منشیات فروشی کی شکایات بھی سامنے آتی رہی ہیں، جس کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ اڈے میں امن وامان، تخریب کاری اور دیگر ناخوشگوار حادثات کے خطرات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ صوبائی صدر نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کی وجہ سے ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں پیدل چلنا بھی محال ہو چکا ہے جبکہ ٹرانسپورٹرز کے لیے گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ مسلسل کم ہوتی جا رہی ہے۔ بھاری گاڑیاں، ٹرک، ٹریلر اور دیگر مال بردار گاڑیاں پارک کرنے کے لیے مناسب جگہ نہ ہونے کے باعث ٹریفک کے مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں۔ حاجی نور محمد شاہوانی نے حکومت بلوچستان اور تمام متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ شہر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا دائرہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی تک بھی فوری طور پر بڑھایا جائے، فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی کھوکھوں اور ہوٹلوں کو ختم کیا جائے، منشیات فروشی اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کی جائے اور ٹرانسپورٹرز کے لیے مناسب پارکنگ کی جگہ بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہزار گنجی ٹرک اڈہ بلوچستان بھر کی مال بردار ٹرانسپورٹ کے لیے ایک اہم مرکز ہے، اس لیے یہاں تجاوزات کا خاتمہ صرف ٹرانسپورٹرز ہی نہیں بلکہ شہریوں، مسافروں اور پورے شہر کے مفاد میں ہے۔

بقیہ 37

صارف دوست بنانے کی فوری ہدایات دیں جبکہ واٹر سیکٹر میں ریونیو اکٹھا کرنے کے طریقہ کار بہتر کرنے پر زور دیا۔ فوڈ اتھارٹی نے مختلف اضلاع میں اشیائے خورد و نوش کے معیار کو چیک کرنے کے لیے سیٹ اپ قائم کیا ہے۔ اجلاس میں محکمہ ٹرانسپورٹ نے پنک بس، گرین بسز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ان محکموں میں اصلاحات عوامی خدمات کی فراہمی کو مضبوط کریں گی اور ہر محکمے کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 38

کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انجینئر نجم الدین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر احمد خان، ڈی او ای سید محمد امین آغا، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر قلعہ عبداللہ عبدالمنان اچکزئی، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر گلستان حفیظ اللہ پیرعلیزئی، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر دوبندی عبدالمتین اچکزئی، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ جعفر خان ترین، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان، ترقی فاؤنڈیشن کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر خلیل خان سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف تعلیمی اداروں کی کارکردگی، اساتذہ و طلبہ کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں اور اداروں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی معیار میں بہتری، موثر نگرانی اور طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی بنیاد ہے، اس لیے تعلیمی اداروں میں معیاری تدریس، سازگار ماحول اور طلبہ کو ضروری سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ تعلیمی اداروں کی نگرانی مزید موثر بنائیں، اساتذہ و طلبہ کی حاضری یقینی بنائیں اور اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ضلع قلعہ عبداللہ میں تعلیم کے فروغ اور سرکاری تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے محکمہ تعلیم کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کو بہتر اور معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 39

ں کی بے جا گرفتاری، ان پر جھوٹے مقدمات اور غیر قانونی چھاپے آئین کے روح اور صریح احکامات کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ حکومتی صفوں میں بیٹھے عناصر ایک طرف جمہوریت اور آئین کی بالادستی کا علم اٹھاتے ہیں اور دوسری طرف اپوزیشن کی آواز کو دبانے کے لیے فاشسٹ اور غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں۔ یہ دوہرا معیار کسی جمہوری معاشرے کا نہیں بلکہ آمرانہ ادوار کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی انتقام کے لیے طاقت کے بے جا استعمال، چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی اور عوام میں خوف و ہراس پھیلانے کی پالیسی نے ملک کے قانونی اور عدالتی نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ اس قسم کی کارروائیوں سے ملک میں جمہوری اقدار کی بنیادیں مزید کمزور ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو "فارم 47 کی لولی لنگڑی حکومت" قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس غیر نمائندہ سیٹ اپ کی وجہ سے ملک شدید سیاسی اور معاشی بحرانوں کا شکار ہو چکا ہے۔ ایک طرف عوام کے "ووٹ کے تقدس" کو پامال کیا گیا، اور دوسری طرف اب طاقت اور دباؤ کے ذریعے شہریوں سے ان کی آزادی رائے کا حق بھی چھینا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین کی بالادستی کے بجائے غیر جمہوری اور آمرانہ قوتوں کا اثر و رسوخ بڑھ رہا ہے۔ اس روش کے نتیجے میں پارلیمنٹ اور عدلیہ کی آزادی سلب ہو رہی ہے، جس سے آئینی ڈھانچہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ طاقت، ہٹ دھرمی اور انا کے ذریعے مسائل کو سلجھانے کے بجائے مزید الجھایا جا رہا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ جب بھی حکمرانوں نے ہٹ دھرمی کی سیاست اپنائی، نقصان ہمیشہ ملک اور قوم ہی کا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتقامی سیاست اور فاشسٹ ہتھکنڈوں کو چھوڑ دیا جائے آئین پاکستان کی اصل روح کے مطابق تمام شہریوں اور سیاسی جماعتوں کو احتجاج کا بنیادی حقوق ہے سیاست اور انتظامی امور میں سڑکوں اور شاہراہوں کو کنٹینرز لگا کر بلاک کرنا آئینی، سیاسی، اور معاشی لحاظ سے سنگین مسائل کو جنم دیتا ہے۔ یہ عمل نہ صرف آئین پاکستان اور انسانی حقوق کے منافی ہے بلکہ ملک کو معاشی اور انتظامی طور پر مفلوج کر دیتا ہے۔ مضبوط جمہوریت کے لیے شفاف انتخابات، عدلیہ اور پارلیمنٹ کی بالادستی ہی پائیدار حل ہے۔

بقیہ 40

اجلاس میں محکمہ صحت چمن کے افسران، پولیو افسران، ضلعی پولیو افسر محمد اشرف اچکزئی اور دیگر متعلقہ افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیو ٹیموں کے متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر چمن کو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل، ٹیموں کی فیلڈ سرگرمیوں اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ پانچ سال تک کی عمر کے کسی بھی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے بغیر نہ چھوڑا جائے اور ضلع چمن کے دور دراز، دشوار گزار علاقوں سمیت ہر گلی، محلے اور کونے تک پولیو ٹیموں کی رسائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی مصلحت پسندی یا غفلت کا مظاہرہ نہ کیا جائے اور تمام اہل عمر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے لیے بھرپور اور موثر اقدامات کیے

بقیہ 01

مستقبل پر حملہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، زخمی اہلکاروں کو جلد صحت کاملہ عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے ایسے بزدلانہ واقعات میں ملوث شرپسند عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کے لیے حکومت کے عزم میں کوئی کمی نہیں آئے گی اور پولیو مہم ہر صورت جاری رہے گی۔

بقیہ 02

کے نتیجے میں مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر جمع ہوگئے تھے انہوں نے کہا کہ اب صفائی کا عمل دوبارہ شروع کر دیا گیا ہے اور شہر کی مین شاہراہوں سمیت گلی محلوں میں صفائی کا کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے اور صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

بقیہ 03

سائیکلیں فراہم کردی گئی ہیں تاکہ پولیس کے موبائل گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ پولیسنگ کو بہتر بنا کر عوام کو سہولت فراہم کی جاسکے۔ پولیس حکام کے مطابق موٹر سائیکلوں کی فراہمی کا مقصد بالخصوص گنجان آباد علاقوں، تنگ راستوں اور دشوار گزار مقامات پر پولیس گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ کارکردگی کو مزید بہتر بناتے ہوئے پولیس کی بروقت عوام کے مسائل کی دادرسی کیلئے موقع پر پہنچنا ہے۔ اس اقدام سے پولیس اہلکاروں کی بروقت رسائی اور کارروائی میں بہتری کے ساتھ وقت اور ایندھن کی بچت بھی ممکن ہوگی۔ حکام کے مطابق پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور دور دراز علاقوں میں پولیسنگ کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جدید آلات اور ضروری وسائل کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ گاڑیوں کے ساتھ موٹر سائیکل گشت کو منظم اور موثر بنانے سے مختلف علاقوں میں عوام کی مشکلات کے حل اور داوری سمیت جرائم پیشہ وسماج دشمن عناصر کے خلاف فوری کارروائی میں مدد ملے گی۔ ان موٹر سائیکلوں کو موبائل گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ پولیسنگ کے لیے استعمال کیا جائے گا جس سے شہری و گنجان آباد علاقوں کے ساتھ ساتھ دور دراز اور دشوار گزار مقامات پر بھی پولیس کی رسائی اور موجودگی کو مزید موثر اور ممکن بنایا جاسکے گا۔

بقیہ 04

ر پاک فوج کے آفیسران، اہلکار اور لوگ شہید ہوئے۔ بلوچستان میں بھی بے گناہ لوگوں کو آئے روز شہید اور زخمی کر کے روڈوں کو بند کر کے بھتہ اور بینکوں کو لوٹ کر کے رقم لے جاتے ہیں پولیس اور سیکورٹی فورسز کی دلیرانہ کاوشیں اور قربانیاں کبھی بھی رائیگاں نہیں جائے گی۔ مولانا محمد شفیق دولتزئی نے واضح کیا کہ جمعیت (س) پاکستان اسلامی نظام کے نفاذ اور ملک کے استحکام وسلامتی کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ 05

کمشنر عبدالرزاق ساسولی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نیاز اللہ سالانی اے ڈی او ظاہر کریم تھے، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کے مختلف شعبہ جات اور لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا اور آئی ٹی سمیت تعلیمی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے طلبہ میں کتابیں بھی تقسیم کیں اور تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے طلبہ سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کالج کے اسٹاف روم میں پروفیسرز اور دیگر تدریسی عملے سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل اور مشکلات سنے اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کی تعلیمی سرگرمیوں اور سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی بات چیت کی۔ کالج انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کے اچانک دورے، طلبہ میں کتابوں کی تقسیم اور اساتذہ کے مسائل سننے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 06

کرکے 2 اہلکاروں کو شہید کردیا اور جاتے ہوئے ان کا اسلحہ بھی لے گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر نعشیں تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیں تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح کوئٹہ اور بلوچستان میں پولیو مہم جاری ہے اور نوشکی میں پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہی تھیں کہ پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم افراد نے کلی جمال آباد میں فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار محمد یاسر اور عبدالرؤف شہید ہوگئے۔ واقعہ سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا حملہ آور جاتے ہوئے پولیس اہلکاروں کا اسلحہ لیکر فرار ہوگئے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا جنہیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 07

میں عوام کو ریلیف کی فراہمی، اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں کمی، سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد اور شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پولٹری ایسوسی ایشن کے صدر حاجی کریم، حافظ ولی، سبزی و پھل فروشوں کے نمائندے فضل، الداود ہوٹل کے نمائندے، پرائس کنٹرول کمیٹی کے نمائندے نیاز احمد سمیت دیگر متعلقہ نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکاء نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور شہریوں کو درپیش مسائل سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مرغی کے گوشت کی قیمت 700 روپے سے کم کر کے 650 روپے فی کلو مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس فیصلے کا مقصد شہریوں کو اشیائے ضروریہ مناسب نرخوں پر فراہم کرنا اور مہنگائی کے اثرات کو کم کرنا ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایات کی روشنی میں شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ نمائندگان کو ہدایت کی کہ دکانوں اور ہوٹلوں میں صفائی ستھرائی کے موثر انتظامات یقینی بنائے جائیں، سرکاری نرخنامہ نمایاں مقامات پر آویزاں کیا جائے اور اشیائے خورد ونوش کی خرید وفروخت مقررہ سرکاری نرخوں کے مطابق کی جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی، گراں فروشی اور صفائی کے ناقص انتظامات کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تربت شہر میں قیمتوں اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کی نگرانی کے لیے باقاعدگی سے معائنے اور دورے کیے جائیں گے علاوہ ازیں اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے ہول سیلرز اور پولٹری ایسوسی ایشن کے نمائندگان کو ہدایت کی کہ ریسٹورنٹس اور گھروں میں ہوم ڈلیوری کے لیے نامزد کیے گئے کارکنوں کو ضلعی انتظامیہ کیچ کے دفتر میں بھیجا جائے تاکہ ان کے نام باقاعدہ طور پر درج کیے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی بہتری اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 08

عمائدین اور معتبرین نے شرکت کی۔ بلوچی میڑ میں سردار محمد ہارون خان جمالی، میر فائق علی خان جمالی، سربراہ ذوالفقار علی جمالی، میر فاروق خان جمالی، بابا غلام رسول عمرانی، میر بلال خان عمرانی، بابو محمد امین عمرانی، وڈیرہ واحد نواز خان جنگ، میر عامر خان بہرانی، میر صوبہ خان رند،

تحصیلدار امیر بہرام خان مگسی سمیت علاقے کے معززین اور معتبرین شریک ہوئے۔ اس موقع پر دونوں برادریوں کے معتبرین نے دیرینہ تنازعے کے خاتمے، باہمی احترام، رواداری اور علاقے میں امن و بھائی چارے کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو اور مشاورت کی۔ جمالی برادری کی جانب سے ڈاکٹر عبدالرحیم جمالی، عبدالوحید جمالی اور عبدالرؤف جمالی نے بلوچی میڑ کی میزبانی کی۔ فریقین کے درمیان معاملے پر غور و مشاورت کے بعد مزید فیصلے کے لیے وقت دیا گیا۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین نے امید ظاہر کی کہ باہمی مشاورت، روایتی قبائلی اقدار اور جرگہ نظام کے تحت دیرینہ تنازعے کا پرامن حل تلاش کیا جائے گا، جس سے علاقے میں امن، بھائی چارے اور باہمی اعتماد کی فضا کو فروغ ملے گا

بقیہ 09

ری نے پولیو سے انکار کرنے والے والدین اور خاندانوں سے بھی ملاقات کی اور انہیں پولیو کے قطروں کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے اپنے بچوں کو پولیو ویکسین پلانے پر قائل کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انکاری خاندانوں کو بھی موثر انداز میں کور کیا جائے اور کسی بھی بچے کو پولیو کے قطروں سے محروم نہ رہنے دیا جائے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے پولیو ٹیموں کو سو فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے تمام ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری ذمہ داری اور موثر انداز میں انجام دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ ذیشان لاشاری نے متعلقہ اداروں کو بھی ہدایت کی کہ انسداد پولیو کے لیے موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں اور مہم کے دوران انکاری والدین کو قائل کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں، تاکہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مقررہ اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ امیر حمزہ اور ڈپٹی ڈی ایچ او سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ 10

کرز اور ان کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر بچوں کو معذوری سے بچانے کے لیے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان کے بچوں کو محفوظ اور صحت مند مستقبل فراہم کرنے کے لیے انسداد پولیو ٹیمیں دن رات کوشاں ہیں۔ بچوں کو بیماریوں میں مبتلا کرنے کی کوشش کرنے والے عناصر انسانیت کے تقاضوں سے عاری ہیں۔ صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مطالبہ کیا کہ افسوسناک واقعے میں ملوث دہشتگردوں کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور پولیو ورکرز سمیت حفاظتی اہلکاروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 11

87 ونگ کرنل شاہد بلال، ایکسین روڈز ماجد خان ترین، ایکسین ملک اسد خان ترین، متعلقہ ٹھیکیداران اور دیگر حکام موجود تھے۔ ٹینڈرز کی اوپننگ کے دوران موصول ہونے والی بولیوں اور متعلقہ دستاویزات کا مقررہ طریقہ کار کے مطابق جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے کہا کہ BSDI فیز III کے ترقیاتی منصوبے ضلع دکی میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ منصوبوں پر عملدرآمد کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ، معیار اور قواعد وضوابط کی مکمل پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ ٹینڈر کے عمل کے بعد منصوبوں پر عملی کام شروع ہونے کی صورت میں معیار تعمیر، کام کی رفتار، منظور شدہ ڈیزائن، تخمینہ اور تکنیکی specifications کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے تاکہ سرکاری وسائل کا موثر اور درست استعمال یقینی بنایا جاسکے ڈپٹی کمشنر نے ٹھیکیداران کو بھی ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں ناقص یا غیر معیاری میٹریل کے استعمال سے گریز کیا جائے اور ہر منصوبہ مقررہ معیار اور منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی اور کام کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے انہوں نے مزید کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کا اصل مقصد عوام کو براہ راست ریلیف اور دیرپا سہولیات فراہم کرنا ہے، اس لیے منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے رفتار کے ساتھ ساتھ معیار پر بھی خصوصی توجہ دی جائے ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی فیلڈ میں مسلسل مانیٹرنگ کی جائے، کام کے مختلف مراحل کی باقاعدہ جانچ پڑتال کی جائے اور کسی بھی قسم کی تکنیکی یا انتظامی رکاوٹ کی صورت میں فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا جائے تاکہ بروقت مسئلے کا حل نکالا جا سکے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ BSDI فیز III کے تحت جاری اور آئندہ شروع ہونے والے منصوبوں کی نگرانی جاری رکھے گی تاکہ عوامی مفاد میں مختص فنڈز کو شفاف انداز میں استعمال کرتے ہوئے معیاری ترقیاتی کام مکمل کیے جاسکیں ٹینڈر اوپننگ کے عمل کے اختتام پر متعلقہ حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ BSDI فیز III کے منصوبوں کو مقررہ قواعد، شفاف طریقہ کار اور اعلیٰ معیار کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا، تاکہ ضلع دکی میں سڑکوں، بنیادی ڈھانچے اور دیگر عوامی سہولیات کے نظام میں مزید بہتری لائی جا سکے۔

بقیہ 12

ٹینکیاں خریدنے پر مجبور ہیں۔ علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عبداللہ واٹر سپلائی کی فوری مرمت کر کے پانی کی فراہمی بحال کی جائے تاکہ عوام کو مہنگے داموں پانی خریدنے کی پریشانی سے نجات مل سکے۔ خبر کو مزید مختصر اور موثر بنائیں۔

بقیہ 13

اساتذہ کی تدریسی سرگرمیوں، طلبہ کی پڑھائی، سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولیات اور تعلیمی نظم وضبط کے حوالے سے سکول انتظامیہ سے تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے اس بات کا بھی جائزہ لیا کہ طلبہ کو نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات میسر ہیں یا نہیں اس موقع پر کلسٹر بجٹ کے تحت سکولوں کو فراہم کیے گئے سامان، تعلیمی مواد اور دیگر وسائل کی دستیابی اور استعمال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ کلسٹر بجٹ کے تحت فراہم کیے جانے والے تمام وسائل کو شفاف اور موثر انداز میں طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال کیا جائے اسسٹنٹ کمشنر عبدالسلام شاہوانی نے کہا کہ معیاری تعلیم کے لیے اساتذہ کی باقاعدہ حاضری، موثر تدریسی عمل اور طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ اساتذہ اور طلبہ کی حاضری کو یقینی بنایا جائے اور تدریسی عمل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی سے گریز کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری سکولوں میں دستیاب وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لا کر طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں، جبکہ سکولوں کو فراہم کیے گئے کلسٹر بجٹ اور دیگر وسائل کے استعمال میں مکمل شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری تعلیمی اداروں کی کارکردگی اور تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے باقاعدگی سے نگرانی جاری رکھے گی اور سکولوں میں حاضری، نظم وضبط، تدریسی معیار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے دورے کے اختتام پر متعلقہ سکول انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے، تدریسی سرگرمیوں کو موثر بنانے اور سرکاری وسائل کے درست استعمال کو یقینی بنانے کے لیے تمام ممکن اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 14

کی۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن میں مختلف سرکاری محکموں اور اداروں کے درمیان باہمی رابطہ اور کوآرڈینیشن مزید بہتر بنانے، شہری مسائل کے حل کے لیے مشترکہ اور منظم کارروائیوں کو یقینی بنانے سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے اور ادارے اپنی کارروائیوں کا ہفتہ وار شیڈول مرتب کر کے تین روز کے اندر کمشنر آفس کے ساتھ شیئر کریں گے۔ موصول ہونے والے شیڈول کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کے اسسٹنٹ کمشنرز کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی تاکہ مختلف محکموں کی کارروائیوں میں باہمی ربط پیدا کر کے انہیں موثر اور منظم انداز میں انجام دیا جاسکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے سب ڈویژن کی سطح پر اپنا ایک فوکل پرسن مقرر کریں گے، جو اسسٹنٹ کمشنر کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے گا۔ فوکل پرسنز کے ذریعے گرانفروشی، تجاوزات، ٹریفک کے مسائل، پلاسٹک بیگز کے خلاف کارروائی اور دیگر شہری مسائل کے حوالے سے مشترکہ کارروائیوں کو منظم کیا جائے گا۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ تمام محکمے اپنے متعلقہ قوانین اور دائرہ کار کے مطابق طے شدہ شیڈول کے تحت کارروائیاں کریں اور ان کارروائیوں کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کی جائے، تاکہ مختلف اداروں کے درمیان کوآرڈینیشن کو مزید موثر بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کا بنیادی مقصد تمام متعلقہ اداروں کو ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مربوط انداز میں کام کرنے کے لیے ایک موثر نظام کے تحت لانا اور شہریوں کو بہتر سروس ڈیلیوری فراہم کرنا ہے۔ کوئٹہ شہر میں شہری مسائل کے حل کے لیے تمام محکموں کی مشترکہ اور بروقت کارروائیاں ضروری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام سب ڈویژنز میں متعلقہ ڈیپارٹمنٹس اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں اپنے طے شدہ شیڈول کے مطابق کارروائیاں کریں۔ تمام ادارے اپنی ہفتہ وار سرگرمیوں اور کارروائیوں کا باقاعدہ شیڈول تیار کر کے کمشنر آفس کے ساتھ شیئر کریں، جبکہ طے شدہ شیڈول کے مطابق کارروائیوں کو موثر بنانے کے لیے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز نگرانی اور رابطہ کاری کا عمل یقینی بنائیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ شہری مسائل کے حل، قانون پر عملدرآمد، تجاوزات کے خاتمے، گرانفروشی کی روک تھام، ٹریفک کی بہتری اور ماحول کے تحفظ سمیت دیگر امور پر تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کارروائیاں جاری رکھیں گے تاکہ کوئٹہ میں انتظامی امور اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 15

ہوئے نواں کلی میں ان کی رہائش گاہ پر پہنچ کر اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر بی این پی رہنماؤں نے حاجی محمد جعفر کاکڑ کے انتقال پر [illegible] کا اور دیگر سوگوار اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے لیے مغفرت، درجات بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر واستقامت کی دعا کی۔ موسیٰ خان بلوچ اور غلام نبی مری نے کہا کہ کسی عزیز کے انتقال کا صدمہ اہل خانہ کے لیے انتہائی تکلیف دہ ہوتا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہونے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے مرحوم حاجی محمد جعفر کاکڑ کے لیے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی توفیق اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ اس موقع پر دیگر سیاسی وسماجی شخصیات بھی موجود تھیں، جنہوں نے مرحوم کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے پسماندگان سے تعزیت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 16

کے قیام سے قبل تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں اور متعلقہ اداروں سے ضروری این او سی حاصل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کو باقاعدہ معاہدوں کا حصہ بنایا جائے تاکہ خریداروں کے حقوق کا تحفظ یقینی ہو۔ انہوں نے ہاؤسنگ اسکیموں میں سڑکوں اور راستوں کی مناسب منصوبہ بندی، سیوریج اور نکاسی آب کے نظام کے لیے پیشگی جگہ مختص کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی فراہمی کے لیے بھی جامع منصوبہ بندی کی جائے اور ایک ہی علاقے میں ضرورت سے زیادہ بور کرنے سے گریز کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہاؤسنگ اسکیموں میں اسکول، مسجد، قبرستان اور پارک سمیت دیگر عوامی ضروریات کے لیے مناسب جگہ پہلے سے مختص کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ضروری سہولیات، راستوں اور عوامی مقامات کو منصوبہ بندی اور معاہدوں میں واضح طور پر شامل کیا جائے تاکہ مستقبل میں شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ یاسر اقبال دشتی نے ہاؤسنگ اسکیموں میں شجرکاری کے فوری آغاز کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نئی آبادیوں میں درختوں کے لیے مناسب جگہ مختص کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہاؤسنگ اسکیموں کا مقصد صرف پلاٹوں کی خرید وفروخت نہیں بلکہ شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور بنیادی سہولیات سے آراستہ رہائشی ماحول فراہم کرنا بھی ہے، اس لیے منصوبہ بندی میں موجودہ اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے۔

بقیہ 17

وری طبی سہولیات مقامی سطح پر میسر آرہی ہیں، جس سے انہیں اپنے بیمار جانوروں کے علاج کے لیے دور دراز علاقوں کا سفر نہیں کرنا پڑے گا انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ ضلع استامحمد کے علاقے کوٹ نور محمد جمالی میں نئی تعمیر ہونے والی جدید ویٹرنری ہسپتال کا باقاعدہ افتتاح کیا انہوں نے کہا کہ اس جدید ویٹرنری ہسپتال کی تکمیل صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی کاوشوں اور دلچسپی کا نتیجہ ہے جس پر علاقے کے مالداروں اور مویشی پال افراد میں خوشی کی لہر پائی جاتی ہے ڈاکٹر رہنواز سومرو نے یہ باتیں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویژنل انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ نصیرآباد نیک محمد سے گفتگو کرتے ہوئے کہیں انہوں نے بتایا کہ ضلع استامحمد میں قائم کیا گیا یہ جدید ویٹرنری ہسپتال نصیرآباد ڈویژن میں اپنی نوعیت کا منفرد اور اہم ادارہ ہے جبکہ بلوچستان کے چند جدید ویٹرنری ہسپتالوں میں اس کا شمار ہوتا ہے انہوں نے بتایا کہ ہسپتال میں جانوروں کی بیماریوں کی بہتر تشخیص اور علاج کے لیے جدید ویٹرنری لیبارٹری، سرجیکل سیکشن، الٹراساؤنڈ سسٹم جانوروں کا وزن کرنے کی جدید مشین اور دیگر ضروری شعبے قائم کیے گئے ہیں، جہاں مویشیوں کو جدید طبی اصولوں کے مطابق علاج کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں ان سہولیات کی بدولت مالداروں کو اپنے قیمتی مویشیوں کے علاج اور بیماریوں کی بروقت تشخیص میں نمایاں مدد ملے گی ڈاکٹر رہنواز سومرو نے بتایا کہ انہوں نے چین سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے اور جانوروں کی مختلف بیماریوں کی تشخیص علاج اور جدید ویٹرنری طریقہ کار کے حوالے سے علمی وعملی تجربہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید ہسپتال میں دستیاب سہولیات کو موثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے مال مویشیوں کی صحت کے مسائل پر قابو پانے اور مویشی پال افراد کو بہتر خدمات فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ علاقے میں بڑی تعداد میں لوگ مال مویشی پالنے سے وابستہ ہیں اور ان کا روزگار بڑی حد تک مویشیوں سے منسلک ہے، اس لیے جانوروں کی بروقت تشخیص اور علاج نہ صرف مالداروں کے معاشی مفادات کے لیے ضروری ہے بلکہ علاقے کی مجموعی معاشی سرگرمیوں کے لیے بھی اہمیت رکھتا ہے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک نے ہسپتال میں اسٹاف کی کمی کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ جدید انفراسٹرکچر اور طبی سہولیات سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے ضرورت کے مطابق تربیت یافتہ اور فنی اسٹاف کی فراہمی انتہائی ضروری ہے اگر ہسپتال کو مطلوبہ افرادی قوت فراہم کردی جائے تو یہ ادارہ علاقے کے مالداروں اور مویشی پال افراد کو مزید بہتر اور موثر خدمات فراہم کرتے ہوئے نمایاں نتائج دے سکتا ہے انہوں نے کہا کہ جدید ویٹرنری ہسپتال کی فعالیت میں اضافے ضروری اسٹاف کی فراہمی اور جدید سہولیات کے موثر استعمال سے ضلع استامحمد سمیت نصیرآباد ڈویژن کے مالداروں کو جانوروں کے علاج معالجے کی معیاری سہولیات ان کی دہلیز کے قریب میسر آسکیں گی۔

بقیہ 18

پلانے کی صورتحال اور کوریج سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ نے ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک عمر کے ہر بچے تک رسائی اور اسے پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی علاقے یا بچے کا مہم سے رہ جانا قابل قبول نہیں ہوگا، اس لیے تمام ٹیمیں اپنے مقررہ علاقوں میں مکمل ذمہ داری اور محنت کے ساتھ خدمات انجام دیں انہوں نے فیلڈ ٹیموں کی موثر مانیٹرنگ پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی کی جائے اور جہاں کوریج کم ہو یا بچے رہ گئے ہوں، وہاں فوری طور پر ری وزٹ اور خصوصی ٹیموں کے ذریعے رہ جانے والے بچوں کو ویکسین پلانے کا انتظام کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے گھر گھر ویکسینیشن کے ساتھ ساتھ انکاری والدین، دور دراز علاقوں، نقل مکانی کرنے والے خاندانوں اور مشکل رسائی والے علاقوں پر خصوصی توجہ ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فیلڈ میں ٹیموں کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں تاکہ مہم کی رفتار متاثر نہ ہو انہوں نے مزید کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور بچوں کو مستقل معذوری سے دوچار کرنے والا مرض ہے، تاہم موثر ویکسینیشن کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔ والدین اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران مانیٹرنگ، ڈیٹا کی درست رپورٹنگ، ٹیموں کی حاضری اور کوریج کے اعداد و شمار میں مکمل شفافیت برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ محض کاغذی کارروائی کے بجائے فیلڈ میں حقیقی کوریج کو ترجیح دی جائے تاکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے اجلاس میں مختلف علاقوں اور یونین کونسلز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا اور کمزور کارکردگی والے علاقوں میں مزید موثر اقدامات کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع شیرانی میں انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، پولیو پروگرام اور تمام شراکت دار ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کا محفوظ مستقبل ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور پولیو کے مکمل خاتمے تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 19

دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر بشیر احمد ناصر نے افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور متعلقہ افسران روزانہ کی بنیاد پر سائٹ کا دورہ کر کے کام کی نگرانی کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی کام میں کسی قسم کی کمی، کوتاہی یا غیر معیاری میٹریل کا استعمال ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 20

افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں BSDI منصوبوں کی پیش رفت، نئے منتقل شدہ علاقوں کے انتظامی وریونیو معاملات، نئے قائم شدہ سب ڈویژنز کے دفاتر وسرکاری رہائش، لائن ڈیپارٹمنٹس کی کارکردگی اور شہری سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے شہروں میں صفائی، کوڑا کرکٹ کی موثر تلفی، بازاروں میں ٹریفک کی روانی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے باقاعدہ کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے بازاروں کے مسلسل معائنے، زائد المیعاد اشیاء وجعلی ادویات کے خلاف کارروائی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی موثر نگرانی پر بھی زور دیا۔ کمشنر مجیب الرحمن قمبرانی نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ عوامی سہولت اور سروس ڈیلیوری کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تمام انتظامی و ترقیاتی امور پر موثر نگرانی اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے

بقیہ 21

تعلیم، نظم وضبط اور محنت کی اہمیت پر زور دیا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر ماہ نور برکت نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے اپنے تعلیمی وپیشہ ورانہ تجربات شیئر کیے اور اعلیٰ تعلیم، مختلف کیریئر مواقع اور مقابلے کے امتحانات سے متعلق رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ واضح اہداف مقرر کر کے مستقل مزاجی اور محنت سے اپنے مستقبل کو روشن بنائیں تقریب میں فرسٹ ایئر کے طلبہ نے بھرپور شرکت کی، جبکہ کالج انتظامیہ نے نئے طلبہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 22

یا ٹرک اڈوں میں قائم ہوں۔ حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزارگنجی کوئٹہ میں گزشتہ گیارہ سال سے ناجائز تجاوزات کے خلاف متعلقہ حکام کو بارہا زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا جاچکا ہے۔ اس سلسلے میں کیو ڈی اے، [illegible] کمشنر کوئٹہ ڈویژن، میٹروپولیٹن کارپوریشن، تھانہ شالکوٹ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کو بھی متعدد مرتبہ درخواستیں دی جاچکی ہیں، مگر افسوس کہ آج تک موثر کارروائی نہیں کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرک اڈہ ہزارگنجی کے فٹ پاتھوں پر غیر قانونی طور پر کھوکھے اور ہوٹل قائم کر دیے گئے ہیں، جہاں مختلف اشیاء فروخت کی جا رہی ہیں۔ بعض مقامات پر مضر صحت اشیاء کی فروخت اور منشیات فروشی کی شکایات بھی سامنے آتی رہی ہیں، جس کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ اڈے میں امن وامان، تخریب کاری اور دیگر ناخوشگوار حادثات کے خطرات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ صوبائی صدر نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کی وجہ سے ٹرک اڈہ ہزارگنجی میں پیدل چلنا بھی محال ہو چکا ہے جبکہ ٹرانسپورٹرز کے لیے گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ مسلسل کم ہوتی جارہی ہے۔ بھاری گاڑیاں، ٹرک، ٹریلر اور دیگر مال بردار گاڑیاں پارک کرنے کے لیے مناسب جگہ نہ ہونے کے باعث ٹریفک کے مسائل بھی پیدا ہورہے ہیں۔ حاجی نور محمد شاہوانی نے حکومت بلوچستان اور تمام متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ شہر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا دائرہ ٹرک اڈہ ہزارگنجی تک بھی فوری طور پر بڑھایا جائے، فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی کھوکھوں اور ہوٹلوں کو ختم کیا جائے، منشیات فروشی اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کی جائے اور ٹرانسپورٹرز کے لیے مناسب پارکنگ کی جگہ بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارگنجی ٹرک اڈہ بلوچستان بھر کی مال بردار ٹرانسپورٹ کے لیے ایک اہم مرکز ہے، اس لیے یہاں تجاوزات کا خاتمہ صرف ٹرانسپورٹرز ہی نہیں بلکہ شہریوں، مسافروں اور پورے شہر کے مفاد میں ہے۔

بقیہ 23

صارف دوست بنانے کی فوری ہدایات دیں جبکہ واٹر سیکٹر میں ریونیو اکٹھا کرنے کے طریقہ کار بہتر کرنے پر زور دیا۔ فوڈ اتھارٹی نے مختلف اضلاع میں اشیائے خورد ونوش کے معیار کو چیک کرنے کے لیے سیٹ اپ قائم کیا ہے۔ اجلاس میں محکمہ ٹرانسپورٹ نے پیپلز ٹرین، گرین بس کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ان محکموں میں اصلاحات عوامی خدمات کی فراہمی کو مضبوط کریں گی اور ہر محکمے کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 24

حصہ لیا کارروائی کے دوران کوئٹہ روڈ کے مختلف مقامات پر قائم متعدد غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کیے گئے، جبکہ سرکاری پانی کی لائنوں سے غیر قانونی طور پر منسلک پائپ لائنوں کو ہٹانے کے لیے مشکل مقامات پر ایکسکیویٹر مشینیں بھی استعمال کی گئی انتظامیہ اور محکمہ PHE کی ٹیموں نے موقع پر پانی کی لائنوں اور کنکشنز کا معائنہ کیا اور غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کنکشنز کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ حکام کے مطابق غیر قانونی کنکشنز کے باعث پانی کی ترسیل کا نظام متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ قانونی صارفین کو بھی پانی کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ PHE کے افسران نے کہا کہ شہر میں پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ سرکاری پانی کی لائنوں سے غیر قانونی طور پر کنکشن حاصل کرنے اور پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی حکام نے واضح کیا کہ پانی ایک بنیادی شہری ضرورت ہے اور اس کی منصفانہ تقسیم کے لیے سرکاری واٹر سپلائی نظام کو غیر قانونی کنکشنز سے پاک کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ ٹیموں کو ہدایت کی کہ شہر کے دیگر علاقوں میں بھی پانی کی لائنوں اور کنکشنز کی نگرانی جاری رکھی جائے اور غیر قانونی کنکشنز کی نشاندہی کی صورت میں قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ پانی کے غیر قانونی کنکشنز سے مکمل طور پر گریز کریں، سرکاری پانی کی لائنوں کو نقصان نہ پہنچائیں اور پانی کے نظام میں کسی بھی غیر قانونی مداخلت سے اجتناب کریں۔ شہری کسی بھی غیر قانونی کنکشن کی نشاندہی متعلقہ حکام کو کریں تاکہ پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لورالائی شہر میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے، پانی کے ضیاع کو روکنے اور تمام علاقوں میں دستیاب پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے انتظامی اور محکمہ جاتی سطح پر موثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 25

کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انجینئر نجم الدین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر احمد خان، ڈی او ای سید محمد امین آغا، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر قلعہ عبداللہ عبدالمنان اچکزئی، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر گلستان حفیظ اللہ پیر علیزئی، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر دوبندی عبدالمتین اچکزئی، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ جعفر خان ترین، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان، ترقی فاؤنڈیشن کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر خلیل خان سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف تعلیمی اداروں کی کارکردگی، اساتذہ وطلبہ کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں اور اداروں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی معیار میں بہتری، موثر نگرانی اور طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی بنیاد ہے، اس لیے تعلیمی اداروں میں معیاری تدریس، سازگار ماحول اور طلبہ کو ضروری سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ تعلیمی اداروں کی نگرانی مزید موثر بنائیں، اساتذہ وطلبہ کی حاضری یقینی بنائیں اور اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ضلع قلعہ عبداللہ میں تعلیم کے فروغ اور سرکاری تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے محکمہ تعلیم کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کو بہتر اور معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 26

ز کا عمل جاری ہے۔ انٹرویوز میں ضلع لورالائی، دکی، زیارت اور ہرنائی سے تعلق رکھنے والے مرد وخواتین ڈاکٹرز، اسسٹنٹ پروفیسرز، ڈینٹل ڈاکٹرز، نرسز، گائناکالوجسٹ اور دیگر طبی شعبوں سے وابستہ امیدواروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی انٹرویوز کے دوران امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، پیشہ ورانہ تجربہ، متعلقہ شعبے میں مہارت، عملی کارکردگی اور دیگر مقررہ معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے جانچ پڑتال کی جارہی ہے، جبکہ امیدواروں کے پیشہ ورانہ علم اور متعلقہ پوسٹ کے لیے اہلیت کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مقبول احمد، پرنسپل میڈیکل کالج لورالائی ڈاکٹر محمد اکرم، ایم ایس سول ہسپتال لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ایم ایس سول ہسپتال دکی ڈاکٹر جوہر خان، ڈاکٹر محمد فہیم اتمانخیل سمیت محکمہ صحت کے سینئر ڈاکٹرز اور متعلقہ حکام موجود تھے کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے انٹرویوز کے عمل کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں کا بنیادی مقصد اہل اور قابل افراد کو سامنے لا کر عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امیدواروں کی اہلیت اور میرٹ کو اولین ترجیح دی جائے گی اور کسی بھی امیدوار کی حق تلفی نہیں ہونے دی جائے گی انہوں نے کہا کہ بھرتیوں کے تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کیے جائیں گے اور کسی قسم کی سفارش، دباؤ یا غیر ضروری مداخلت کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور صرف وہی امیدوار کامیاب ہوں گے جو مقررہ معیار پر پورا اتریں کمشنر ولی محمد بڑیچ نے مزید کہا کہ صحت کا شعبہ براہ راست عوامی فلاح و بہبود سے وابستہ ہے، اس لیے طبی اداروں میں قابل، ذمہ دار اور پیشہ ورانہ صلاحیت رکھنے والے ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر طبی ماہرین کی تعیناتی انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ انٹرویوز کے دوران ہر امیدوار کو یکساں مواقع فراہم کیے جائیں اور تمام امیدواروں کی قابلیت واہلیت کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہسپتالوں اور طبی مراکز میں موجود خالی آسامیوں کو پُر کرنا ناگزیر ہے، تاکہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی کمی کو دور کر کے مریضوں کو ان کی دہلیز پر بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا سکیں انٹرویوز کے عمل میں بڑی تعداد میں امیدواروں کی شرکت اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ محکمہ صحت میں دستیاب مواقع کے ذریعے اہل اور تربیت یافتہ افرادی قوت کو نظام صحت کا حصہ بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ متعلقہ حکام نے میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق بھرتیوں کے عمل کو مکمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 27

ں کی بے جا گرفتاری، ان پر جھوٹے مقدمات اور غیر قانونی چھاپے آئین کی روح اور صریح احکامات کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ حکومتی صفوں میں بیٹھے عناصر ایک طرف جمہوریت اور آئین کی بالادستی کا علم اٹھاتے ہیں اور دوسری طرف اپوزیشن کی آواز کو دبانے کے لیے فاشسٹ اور غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں۔ یہ دوہرا معیار کسی جمہوری معاشرے کا نہیں بلکہ آمرانہ ادوار کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی انتقام کے لیے طاقت کے بے جا استعمال، چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی اور عوام میں خوف وہراس پھیلانے کی پالیسی نے ملک کے قانونی اور عدالتی نظام کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ اس قسم کی کارروائیوں سے ملک میں جمہوری اقدار کی بنیادیں مزید کمزور ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو "فارم 47 کی لولی لنگڑی حکومت" قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس غیر نمائندہ سیٹ اپ کی وجہ سے ملک شدید سیاسی اور معاشی بحرانوں کا شکار ہو چکا ہے۔ ایک طرف عوام کے "ووٹ کے تقدس" کو پامال کیا گیا، اور دوسری طرف اب طاقت اور دباؤ کے ذریعے شہریوں سے ان کی آزادی رائے کا حق بھی چھینا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین کی بالادستی کے بجائے غیر جمہوری اور آمرانہ قوتوں کا اثر ورسوخ بڑھ رہا ہے۔ اس روش کے نتیجے میں پارلیمنٹ اور عدلیہ کی آزادی سلب ہو رہی ہے، جس سے آئینی ڈھانچہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ طاقت، ہٹ دھرمی اور انا کے ذریعے مسائل کو سلجھانے کے بجائے مزید الجھایا جا رہا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ جب بھی حکمرانوں نے ہٹ دھرمی کی سیاست اپنائی، نقصان ہمیشہ ملک اور قوم ہی کا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتقامی سیاست اور فاشسٹ ہتھکنڈوں کو چھوڑ دیا جائے۔ آئین پاکستان کی اصل روح کے مطابق تمام شہریوں اور سیاسی جماعتوں کو احتجاج کا بنیادی حق حاصل ہے سیاست اور انتظامی امور میں سڑکوں اور شاہراہوں کو کنٹینرز لگا کر بلاک کرنا آئینی، سیاسی، اور معاشی لحاظ سے سنگین مسائل کو جنم دیتا ہے۔ یہ عمل نہ صرف آئین پاکستان اور انسانی حقوق کے منافی ہے بلکہ ملک کو معاشی اور انتظامی طور پر مفلوج کر دیتا ہے۔ مضبوط جمہوریت کے لیے شفاف انتخابات، عدلیہ اور پارلیمنٹ کی بالادستی پائیدار حل ہے۔

بقیہ 28

اجلاس میں محکمہ صحت چمن کے افسران، پولیو افسران، ضلعی پولیو افسر محمد اشرف اچکزئی اور دیگر متعلقہ افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیو ٹیموں کے متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر چمن کو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل، ٹیموں کی فیلڈ سرگرمیوں اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ پانچ سال تک کی عمر کے کسی بھی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے بغیر نہ چھوڑا جائے اور ضلع چمن کے دور دراز، دشوار گزار علاقوں سمیت ہر گلی، محلے اور کونے تک پولیو ٹیموں کی رسائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی مصلحت پسندی یا نرمی کا مظاہرہ نہ کیا جائے اور تمام اہل عمر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے لیے بھرپور اور موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ ٹیموں کی مسلسل نگرانی، رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی اور انہیں پولیو کے قطرے پلانے کے عمل کو ہر صورت مکمل کیا جائے۔ اجلاس میں انسداد پولیو مہم کے دوران سیکورٹی انتظامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا اور پولیو ٹیموں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے سیکورٹی اداروں اور متعلقہ محکموں کے درمیان موثر رابطہ وتعاون یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران اور پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ قومی اہمیت کی حامل انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری لگن، جذبے اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں تاکہ ضلع چمن میں کوئی بھی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 29

ٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن اور چرس برآمد کرلی۔ جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر افغان باشندے کو گرفتار کرلیا اور چیکنگ کے دوران 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اور 17 بغیر نمبر پلیٹ کی موٹر سائیکلیں بند کیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر زرغون آباد پولیس نے اغواء کے مقدمے میں ملوث ملزم شہزاد کو جبکہ نامزد ملزمان فرمان، نعمان اور عرفان کو گرفتار کرلیا۔ جبکہ چیکنگ کے دوران 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور 17 موٹر سائیکلوں کو بغیر نمبر پلیٹ کے بند کیا۔ اس کے علاوہ تھانہ محمود الرحمن کے عملے نے شاہ زیب کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا ملزم دیگر مقدمات میں ملوث ہے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم عبدالفتاح کو گرفتار کر کے اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا جبکہ ملزم سیف اللہ کو گرفتار کر کے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیا۔ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر باز محمد کو گرفتار کرلیا۔ اسی طرح جناح ٹاؤن پولیس نے منشیات فروش امجد خان 1 کلو 420 گرام چرس برآمد کرکے گرفتار کرلیا۔ جبکہ زنا کے مقدمے میں نامزد ملزم شہروز اور مفرور ملزم علی احمد کو گرفتار کرلیا گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 30

WHO ڈاکٹر ناصر خان کھیتران، ڈی ایم پی پی ایچ آئی غلام رسول کھیتران سمیت متعلقہ افسران ونمائندگان نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کو موثر اور کامیاب بنانے کے لیے تمام ٹیمیں فیلڈ میں بھرپور انداز میں خدمات انجام دیں اور پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے ٹیموں کی موثر مانیٹرنگ اور کم کوریج والے علاقوں پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت بھی کی۔ اجلاس میں مختلف یونین کونسلز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا جبکہ فیلڈ میں درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے موثر اقدامات جاری رکھیں گے۔

بقیہ 31

یوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل اور تجاویز انتظامیہ کے سامنے پیش کیں، جبکہ مختلف عوامی نوعیت کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کھلی کچہری میں پشتی کالج کے مسائل، انسداد منشیات کے موثر اقدامات، شہر میں سیوریج لائن کے مسائل، پیشی چیٹی کی مرمت و بحالی، تعلیم وصحت سمیت دیگر اہم عوامی مسائل زیر بحث آئے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو شہریوں کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات اور موثر رابطہ کاری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خسرو داوری نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی پالیسی کے مطابق عوامی مسائل کا بروقت ازالہ اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور مسائل کے حل کے لیے موثر انتظامی اقدامات کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 32

خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی، جس کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جبکہ 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جارہی ہے شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے جان ومال کے تحفظ اور پائیدار امن کے لیے ریاستی ادارے پوری طرح متحرک ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 33

مستحق طلبہ تک رسائی کو بنیادی اہمیت دی جائے۔ تاکہ حقدار طلباء کو ان کا حق مل سکے اور وہ تعلیمی میدان میں جدید علوم کے حصول کو ممکن بنا کر ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز BEEF کے دفتر کے دورہ کے موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد مانداني اور دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بی ای ای ایف کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور ادارے کے انتظامی وتعلیمی امور کا جائزہ لیا۔ جہاں انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری تعلیمی اقدامات اور مختلف اسکالرشپ اسکیمز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر BEEF کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد مانداني نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو ادارے کے مختلف امور، اسکالرشپ پروگرامز اور طلبہ و طالبات کی تعلیمی معاونت کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ BEEF صوبے کے باصلاحیت، مستحق اور میرٹ پر پورا اترنے والے طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف اسکالرشپ پروگرامز پر عملدرآمد کر رہا ہے۔ ان پروگرامز کا مقصد مالی معاونت کے ذریعے طلبہ وطالبات کے تعلیمی سفر کو جاری رکھنے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع کو بہتر بنانا ہے۔ اس موقع پر BEEF کی مختلف اسکالرشپ اسکیمز اور ان کے دائرہ کار کے حوالے سے بھی آگاہی Fully Funded District Topper Scholarship کے تحت ہر ضلع کی سطح پر نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کو مکمل مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ وہ اپنی تعلیم کو مزید آگے بڑھا سکیں Transgender Scholarship کے ذریعے ٹرانس جینڈر طلبہ کو تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور ان کی تعلیمی ضروریات میں معاونت کرنے کے لیے وظائف دیے جاتے ہیں Civil Shuhada Scholarship کے تحت سول شہداء کے بچوں کو تعلیمی معاونت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ وہ مالی مشکلات کے بغیر اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں Fully Funded Sadiq Public School Scholarship کے ذریعے منتخب باصلاحیت طلبہ کو صادق پبلک اسکول میں معیاری تعلیم کے حصول کے لیے مکمل مالی معاونت فراہم کی جاتی Cadet Excellence Scholarship کے تحت کیڈٹ کالجز میں تعلیم حاصل کرنے والے نمایاں اور باصلاحیت طلبہ کی تعلیمی معاونت کی جاتی ہے، جس کا مقصد انہیں بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنا ہے BEEF Out of Province Scholarship کے ذریعے بلوچستان کے ایسے طلبہ کو معاونت فراہم کی جاتی ہے جو صوبے سے باہر اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، تاکہ انہیں اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مالی سہولت میسر ہو۔ اسی طرح BEEF Partially Funded Scholarship کے تحت اہل طلبہ کو تعلیمی اخراجات کی مد میں جزوی مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے، جس سے طلبہ اپنے تعلیمی اخراجات پورے کرنے میں مدد حاصل کرتے ہیں۔ ادارے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد مانداني نے اسکالرشپ نظام، طلبہ کی سہولت، میرٹ پر مبنی طریقہ کار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ BEEF کی مختلف اسکالرشپ اسکیمز کا مقصد بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے باصلاحیت اور مستحق طلبہ وطالبات کو تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے BEEF کی جانب سے بلوچستان کے طلبہ وطالبات کے لیے جاری مختلف اسکالرشپ پروگرامز اور تعلیمی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا صوبے کے روشن مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے۔ اس امر پر زور دیا کہ تعلیمی وظائف کی فراہمی میں میرٹ، شفافیت اور مستحق طلبہ تک رسائی کو بنیادی اہمیت دی جائے۔ انہوں نے BEEF کے مختلف شعبہ جات کے دورے کے دوران ادارے کے انتظامی وتعلیمی امور کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے طلبہ و طالبات کی تعلیمی معاونت اور اسکالرشپ پروگرامز کے حوالے سے ادارے کی سرگرمیوں میں خصوصی دلچسپی لی اس موقع پر ادارے کی موجودہ سرگرمیوں، اسکالرشپ پروگرامز اور بلوچستان کے طلبہ کے لیے تعلیمی مواقع کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 34

کرتے ہوئے واضح کیا کہ عوام کے جان ومال کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور امن کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں ضلع کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے افیون اور بھنگ کی غیر قانونی کاشت کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے احکامات جاری کیے کہ ممنوعہ فصلیں اگانے والے کاشتکاروں کے خلاف فوری مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی کی جائے اور علاقے میں موجود تمام غیر قانونی فصلوں کو فی الفور تلف کیا جائے۔ انہوں نے تاکید کی کہ کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا بلکہ سماج دشمن اور امن وامان میں خلل پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی جانب سے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 35

بنیادیں کھوکھلی کر رہی ہیں، جبکہ جمہوریت کے سوداگروں نے اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات کی خاطر آئین کو شخصی اقتدار کے گرداب میں پھنسا دیا ہے، انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ جمہوری نظام کی روح ہے، مگر بدقسمتی سے اقتدار کی کشمکش میں آئینی اصولوں کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے جس سے ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد متاثر اور سیاسی ومعاشی بحران مزید گہرا ہو رہا ہے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماں نے کہا کہ ملک کسی فرد، خاندان یا مخصوص گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ کروڑوں عوام کی امانت ہے، اس لیے ریاستی معاملات آئین کے مطابق چلائے جائیں اور عوام کے مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو وقتی مفادات کے بجائے قومی مفاد، آئین کی پاسداری اور جمہوری اقدار کے تحفظ کو مقدم رکھنا ہوگا، بصورت دیگر ملک میں سیاسی بے یقینی اور انتشار کے اثرات مزید سنگین ہوں گے، رہنماں نے مطالبہ کیا کہ تمام ادارے اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں اور عوام کو درپیش مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور بنیادی سہولیات کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 36

پولیو جیسے موذی مرض سے معصوم بچوں کو بچانے کے لیے جاری حکومتی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ دہشت گرد اپنے بیرونی آقاؤں کی ایما پر بلوچستان میں تخریبی کارروائیوں کے ذریعے قیام امن کے لیے جاری کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں ان پر واضح ہو کہ صوبائی حکومت سیکورٹی اداروں کی مدد سے ان غیر ریاستی عناصر کا جلد صفایا کرے گی۔ انہوں نے واقعہ میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک دونوں شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 37

تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے موثر انداز میں فرائض انجام دیے جائیں انہوں نے کہا کہ فیلڈ مانیٹرنگ کو مزید موثر بنانے اور ٹیموں کی ذمہ دارانہ کارکردگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قومی انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے ہر اہل بچے تک رسائی اور ویکسینیشن یقینی بنانا ضروری ہے

بقیہ 38

نے شرکت کی۔ اجلاس کے افتتاحی کلمات میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے کمیٹی کے کردار، فرائض اور انتخابی عمل میں عوامی شمولیت کو موثر بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ شرکاء نے انتخابی عمل میں زیادہ سے زیادہ عوامی شمولیت یقینی بنانے کے لیے جامع سفارشات پیش کیں۔ اس موقع پر خواتین، نوجوانوں اور معاشرے کے محروم طبقات کی موثر شمولیت، خواتین کے شناختی کارڈز کے اجراء اور ووٹر رجسٹریشن کے عمل کو مزید موثر بنانے سمیت مختلف امور پر بھی تجاویز پیش کی گئیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے تمام شرکاء کی تجاویز اور فعال شرکت کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ موصول سفارشات کی روشنی میں ووٹر آگاہی اور انتخابی شمولیت کے فروغ کے لیے مزید موثر اقدامات کیے جائیں گے۔

INVITATION TO e-BIDS THROUGHT EPADS v2.0 FOR DISPOSAL OF PUBLIC ASSESTS

National Book Foundation (National Book Foundation), invites electronic bids **of Single Stage One Envelope** from interested firms / companies **Individual / Individual Consultant, Sole Proprietorship** for disposal of **Disposal of Obsolete Zinc Plates etc.** on as is where is basis. The bidders must be registered with Federal Board of Revenue (FBR) for Income Tax and Sales Tax, and must be on Active Taxpayer List. (Requirement of PEC registration may be added in case of disposal of civil, electrical, or mechanical works).

2. e-bidding documents as per Disposal of Public Assets Regulations-2024, containing detailed terms and conditions, specifications and requirements etc. are available for the registered bidders on **EPADS v2.0** at **https://vendors.epads.gov.pk/**, and may be searched by using Disposal Activity ID No. **D10819.**

3. Manual bids shall not be accepted. Electronic bids must be submitted through **EPADS v2.0** on or before **Monday, October 12, 2026 11:00 AM,** and will be opened on-line on the same day at **Monday, October 12, 2026 11:30 AM.** The participated bidders shall be automatically notified by **EPADS v2.0** regarding the preliminary results of e-Disposal proceeding, after which final results will be notified in due course as per bidding documents.

Note: Notification of the Grievance Redressal Committee (GRC) constituted in terms of Regulation No. 26 is provided on **EPADS v2.0** at **https://vendors.epads.gov.pk/** and on Procuring Agency's website (if available).

Name & Designation:
National Book Foundation (National Book Foundation),
Assistant Director
Address: 6-mauve area, G-8/4, Islamabad.
Phone/Fax Number: +92-333-517-7099
Email address: production@nbf.org.pk

PID (I) 2680/26

جمہوریت کے سوداگروں نے اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات کی خاطر آئین کو شخصی اقتدار کے گرداب میں پھنسا دیا ہے

ملک میں سیاسی بے یقینی اور انتشار کے اثرات مزید سنگین ہوں گے

طاقت کے نشے میں وحشت قوتوں نے ملک کو ہر حوالے سے تنہا کر کے ریاست کی بنیادیں کھوکھلی کر دی ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ طاقت کے نشے میں وحشت قوتوں نے ملک کو ہر حوالے سے تنہا کر کے ریاست کی (باقی صفحہ 3 نمبر35)

ڈپٹی کمشنر برشور کی زیر صدارت (DICC) کا اہم اجلاس

عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے امن کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاک فوج، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے آفسران سمیت حساس اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع میں امن و امان کی موجودہ صورتحال، سرحدی امور اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان انٹیلیجنس معلومات کے تبادلے کو مزید موثر بنانے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، ڈپٹی کمشنر نے حساس مقامات اور داخلی و خارجی راستوں پر سیکیورٹی سخت کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 3 نمبر34)

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا BEEF کا دورہ، اسکالرشپ اسکیمز اور تعلیمی اقدامات کا جائزہ

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا صوبے کے روشن مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے۔ تعلیمی وظائف کی فراہمی میں میرٹ، شفافیت اور (باقی صفحہ 3 نمبر33)

بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، شاہد رند

سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی

ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، ساران تنگی کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگرد عناصر کے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری لیاقت بازار میں صفائی کے کام پر مامور صفا کوئٹہ کے ورکرز سے بات چیت کر رہے ہیں

ملک میں قتل و غارت گری افسوسناک ہے، مولانا محمد شفیق دولتزئی

پولیس اور سیکورٹی فورسز کی دلیرانہ کاوشیں اور قربانیاں کبھی بھی رائیگاں نہیں جائیں گی

جمعیت (س) پاکستان اسلامی نظام کے نفاذ اور ملک کے استحکام و سالمیت کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے ملک میں قتل و غارت گری پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا کے کوہاٹ اور ہنگو میں ملک دشمن عناصر معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر قتل و غارت گری کے ذریعے بے گناہ معصوم لوگوں کے جانوں سے کھیل رہے ہیں جو کہ قابل مذمت ہے جس میں پولیس اور (باقی صفحہ 3 نمبر4)

عبدالرزاق ساسولی کا بوائز ڈگری کالج خضدار کا دورہ

طلبہ میں کتابوں کی تقسیم اور اساتذہ کے مسائل سننے پر ان کا شکریہ ادا کیا

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے بوائز ڈگری کالج خضدار کا دورہ کیا، جہاں کالج کے پرنسپل حافظ عبدالحمید لہڑی نے ڈپٹی کمشنر کو کالج کے تعلیمی نظام، مختلف شعبہ جات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی (باقی صفحہ 3 نمبر5)

صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کا نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر حملے کی شدید مذمت

پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کیلئے حکومت کے عزم میں کوئی کمی نہیں آئے گی، نور محمد دمڑ

سیکیورٹی جوان ہمارے بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کیلئے اپنی جانوں پر کھیل کر فرائض سرانجام دے رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور سیکیورٹی جوان ہمارے بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے اپنی جانوں پر کھیل کر فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ان پر حملہ دراصل پوری قوم کے (باقی صفحہ 3 نمبر1)

بلوچستان پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا اقدام، 865 موٹرسائیکلیں فراہم کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر صوبے میں جدید پولیسنگ کے فروغ اور امن و امان کو بہتر بنانے کے لیے پولیس کے مختلف اضلاع میں پولیس کے اہم یونٹ اور شعبوں کو مجموعی طور پر 865 موٹر (باقی صفحہ 3 نمبر3)

اوستہ محمد شہر میں تین ماہ بعد باقاعدہ صفائی مہم کا آغاز

شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے

اوستہ محمد (خ ن) میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی کی ہدایت پر چیف آفیسر سکندر رحیہ کی نگرانی میں اوستہ محمد شہر میں تین ماہ بعد باقاعدہ صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ صفائی مہم کے دوران شہر کی مین شاہراہوں، گلیوں اور مختلف علاقوں سے کچرے کے ڈھیروں کو اٹھانے کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی اور چیف آفیسر سکندر رحیہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین ماہ سے بلدیاتی اداروں کو فنڈز کی عدم دستیابی جبکہ ایک ماہ سے ملازمین کے جاری احتجاج کے باعث شہر میں صفائی کا نظام بری طرح متاثر ہوا جس (باقی صفحہ 3 نمبر2)

حکومت سیکیورٹی اداروں کی مدد سے غیر ریاستی عناصر کا جلد صفایا کرے گی، صادق عمرانی

دہشتگرد اپنے بیرونی آقاوں کی ایما پر بلوچستان میں تخریبی کارروائیوں کے ذریعے قیام امن کیلئے جاری کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں

تخریبی کارروائیوں کے ذریعے پولیو جیسے موذی مرض سے معصوم بچوں کو بچانے کیلئے جاری حکومتی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے ضلع نوشکی کے علاقہ جمال آباد میں انسداد پولیو مہم کی ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ غیر ریاستی عناصر تخریبی کارروائیوں کے ذریعے (باقی صفحہ 3 نمبر36)

اسسٹنٹ کمشنر پسنی کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

ہر اہل بچے تک رسائی اور ویکسینیشن یقینی بنانا ضروری ہے

پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کی زیر صدارت قومی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو ٹیموں کی فیلڈ کارکردگی، مہم کی پیش رفت اور مقررہ اہداف کے حصول کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں بچوں کی ویکسینیشن کوریج اور فیلڈ سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال تک عمر کے (باقی صفحہ 3 نمبر37)

نوشکی: پولیو ٹیم پر فائرنگ، دو پولیس اہلکار جاں بحق

نوشکی (آن لائن) نوشکی کے علاقہ کلی جمال آباد میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ (باقی صفحہ 3 نمبر6)

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان لواحقین کوئٹہ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس

انتخابی شمولیت کے فروغ کیلئے مزید موثر اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) دفتر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان، کوئٹہ میں آج صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (ایڈمنسٹریشن) سید ندیم حیدر، جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشنز) عبداللہ اور دیگر متعلقہ اداروں، بشمول نادرا، لوکل گورنمنٹ، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندگان (باقی صفحہ 3 نمبر38)

اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی تربت کا اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی تربت کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس (باقی صفحہ 3 نمبر7)

جمالی اور عمرانی برادری کے درمیان جاری دیرینہ خونی تنازعے کے خاتمے اور پائیدار صلح کی کوشش جاری

صحبت پور (آن لائن) جمالی اور عمرانی برادری کے درمیان جاری دیرینہ خونی تنازعے کے خاتمے اور پائیدار صلح کی کوششوں کے سلسلے میں عمرانی برادری کی جانب سے بلوچی میڑ لے کر جمالی برادری کے پاس آمد ہوئی، جہاں قبائلی (باقی صفحہ 3 نمبر8)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس

تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کر رہی ہے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں تدریسی امور، اساتذہ و دیگر عملے کی حاضری، تعلیمی معیار میں بہتری اور طلبہ کی تربیت سمیت مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے واضح کیا کہ سرکاری (باقی صفحہ 3 نمبر39)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا انسداد پولیو مہم کے دوران مری آباد کا دورہ

تمام ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری ذمہ داری اور موثر انداز میں انجام دیں

کوئی بھی بچہ پولیو کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے، ذیشان لاشاری

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے انسداد پولیو مہم کے دوران مری آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی، فیلڈ سرگرمیوں اور مانیٹرنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے مختلف پولیو ٹیموں سے ملاقات کی اور مہم کے دوران جاری فیلڈ سرگرمیوں، بچوں کی کوریج اور ٹیموں کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ لی۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کی جانب سے مرتب کی جانے والی ایکسل شیٹس کا بھی جائزہ لیا اور بچوں کے فنگر مارکس اور گھروں پر لگائے گئے ہاؤس مارکس چیک کیے۔ کمشنر ذیشان لاشا (باقی صفحہ 3 نمبر9)

کوئٹہ پولیس کارروائی 9 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے اغوا، زنا اور منشیات فروشوں، مفرور سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر (باقی صفحہ 3 نمبر29)

چمن میں جاری انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے ایوننگ ریویو اجلاس

چمن (خ ن) چمن میں جاری انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایوننگ ریویو اجلاس ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر28)

ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس

محکمہ صحت اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے موثر اقدامات جاری رکھیں گے

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت ضلع بارکھان میں جاری انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایوننگ ریویو میٹنگ (E R M) منعقد ہوئی۔ اجلاس میں پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی، ٹیموں کی حاضری، فیلڈ سرگرمیوں، بچوں کی ویکسینیشن کوریج اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بارکھان احسان الدین کاکڑ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر حسن ڈوکی، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر/ (باقی صفحہ 3 نمبر30)

عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف کی فراہمی کیلئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

گوادر، پسنی (خ ن) عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ گوادر کی جانب سے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی عوامی فلاح، گڈ گورننس اور موثر انتظامی نظام کی پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کی زیر صدارت پسنی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں مختلف محکموں کے افسران، لوکل باڈیز کے نمائندگان اور شہر (باقی صفحہ 3 نمبر31)

کوئٹہ، چیئرمین بلوچستان سینئر سٹیزن کونسل احمد علی درانی سینئر سٹیزن تقریب کے موقع پر شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت نے سیاسی انتقام، بیجا گرفتاریوں اور نجی زندگی کے تقدس کو پامال کر کے آئین و قانون کو پاں تلے روند دیا ہے

طاقت، ہٹ دھرمی اور انا کے ذریعے مسائل کو سلجھانے کے بجائے مزید الجھایا جا رہا ہے

آئین ملک کے ہر شہری کو بلاخوف و خطر سیاسی سرگرمیوں، آزادی اظہار، پرامن اجتماعات اور احتجاج کا بنیادی حق دیتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ جمہوریت کی دعویدار حکومت نے سیاسی انتقام، بیجا گرفتاریوں اور نجی زندگی کے تقدس کو پامال کر کے آئین و قانون کو پاں تلے روند دیا ہے آئین پاکستان ملک کے ہر شہری کو بلاخوف و خطر سیاسی سرگرمیوں، آزادی اظہار، پرامن اجتماعات اور احتجاج کا بنیادی حق دیتا ہے۔ اپوزیشن رہنماؤں، سیاسی کارکنوں اور صحافیو (باقی صفحہ 3 نمبر27)

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے پروڈیوسر کرنٹ افیئرز پاکستان ٹیلی ویژن کوئٹہ ملک محب اللہ ترین ملاقات کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ آپریشن میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کے ایکسین ڈاکٹر گل محمد اور ان کی ٹیم نے بھی (باقی صفحہ 3 نمبر24)

ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس

قلعہ عبداللہ (خ ن) قلعہ عبداللہ میں ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، تدریسی عمل، اساتذہ و طلبہ کی حاضری، تعلیمی سرگرمیوں اور طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات (باقی صفحہ 3 نمبر25)

کمشنر لورالائی ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت ٹیسٹ انٹرویو کا عمل جاری

پیشہ ورانہ صلاحیت رکھنے والے ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر طبی ماہرین کی تعیناتی انتہائی اہم ہے

کوئٹہ (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع میں محکمہ صحت کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویو (باقی صفحہ 3 نمبر26)

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس

محکموں میں اصلاحات عوامی خدمات کی فراہمی کو مضبوط کریں گی

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں واسا، لیڈا، فوڈ اتھارٹی اور محکمہ ٹرانسپورٹ کی دو سالہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں متعلقہ سیکرٹریز نے اپنے محکموں کی دو سالہ کارکردگی، حاصل شدہ کامیابیاں اور آئندہ لائحہ عمل تفصیل سے پیش کیا۔ اجلاس میں مذکورہ محکموں میں لازمی اصلاحات، سروس ڈیلیوری میں بہتری، شفافیت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے واسا کو بل کلیکشن کے عمل کو موثر، شفاف اور (باقی صفحہ 3 نمبر23)

کمشنر کوہ سلیمان کی زیر صدارت کمشنر آفس رکھنی میں ڈویژنل پیش رفت کا جائزہ اجلاس

بارکھان (خ ن) کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمن قمبرانی کی زیر صدارت کمشنر آفس رکھنی میں ڈویژنل پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ، ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ، ڈپٹی کمشنر نارتھ ڈیرہ بگٹی محمد ریاض داوڑ اور متعلقہ (باقی صفحہ 3 نمبر20)

بشیر احمد ناصر کا صحبت پور کے مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، بات چیت

صحبت پور (خ ن) چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر احمد ناصر نے ضلع صحبت پور کے مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر نے پہنور و سنہری انٹر کالج، کشمور روڈ فیز ون، ڈسٹرکٹ کمپلیکس، سبزی منڈی سمیت دیگر جاری ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین بی اینڈ بلڈنگ ارشاد احمد سیلاچی، ایکسین روڈز صحبت پور عبدالستار منگلزئی، ایس ای ارسلان رند، ایس ڈی او قیصر خان کھوسہ، ایس ڈی او عبدالوہاب داجلی، ایس ڈی او مظہر کھوسہ، ایس ڈی او عمر بھنار سمیت (باقی صفحہ 3 نمبر19)

ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس

محض کاغذی کارروائی کے بجائے فیلڈ میں حقیقی کوریج کو ترجیح دی جائے

کوئٹہ (خ ن) پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایوننگ ریویو میٹنگ (ERM) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے پہلے روز کی پیش رفت، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی کوریج، ٹیموں کی حاضری اور فیلڈ میں درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، انسداد پولیو پروگرام، عالمی ادارہ صحت (WHO) اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو مہم کے دوران مختلف علاقوں میں ٹیموں کی سرگرمیوں، بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے (باقی صفحہ 3 نمبر18)

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر میں فرسٹ ایئر کے طلبہ کے اعزاز میں ویلکم پارٹی اور کیریئر کونسلنگ سیشن کا انعقاد

گوادر (خ ن) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر میں فرسٹ ایئر کے طلبہ کے اعزاز میں ویلکم پارٹی اور کیریئر کونسلنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس کی مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت تھیں اس موقع پر پرنسپل پروفیسر نصیر احمد نے طلبہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر21)

تجاوزات کے خلاف متعلقہ حکام کو بارہا زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا جا چکا ہے، نور محمد شاہوانی

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف شروع کی گئی کارروائی کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف شروع کی گئی کارروائی کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں اور اسے خوش آئند اقدام قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں ٹریفک اور بالخصوص ٹرانسپورٹ کی روانی میں سب سے بڑی رکاوٹ ناجائز تجاوزات ہیں، خواہ یہ تجاوزات گلیوں، بازاروں، شاہراہوں (باقی صفحہ 3 نمبر22)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے ہدایات کے مطابق اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ سب ڈویژن (سریاب) میں تندوروں اور قصابوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

بلوچستان کے بچوں کو محفوظ اور صحت مند مستقبل فراہم کرنے کے لیے انسداد پولیو ٹیمیں دن رات کوشاں ہیں

مشیر بلدیات کی نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت

انسداد پولیو ٹیم پر حملہ بلوچستان کے مستقبل کے معماروں کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیم پر حملہ بلوچستان کے مستقبل کے معماروں کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ور (باقی صفحہ 3 نمبر10)

ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت اجلاس

ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز III کے تحت منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز اوپن کرنے کا عمل مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق شفاف انداز میں مکمل کر لیا گیا۔ ٹینڈر اوپننگ کے موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران، ٹھیکیداران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اس موقع پر ونگ کمانڈر (باقی صفحہ 3 نمبر11)

نال، مہر اللہ واٹر سپلائی کئی ماہ سے خراب، کلی رحمت آباد سمیت دیگر علاقوں میں پانی کا بحران

نال (آن لائن) نال میں مہر اللہ نامی واٹر سپلائی کو خراب ہوئے کئی ماہ گزر گئے، تاہم تاحال اس کی مرمت نہیں کی جا سکی، جس کے باعث کلی رحمت آباد سمیت دیگر علاقوں کے مکین پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں۔ واٹر سپلائی کی خرابی کے باعث علاقے کے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور وہ پینے کے پانی کی ضرورت پوری کرنے کے لیے مہنگے داموں پانی کی (باقی صفحہ 3 نمبر12)

اسسٹنٹ کمشنر عبدالسلام شاہوانی کا تھل چوٹیالی کے مختلف سرکاری سکولوں کا دورہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر تھل چوٹیالی عبدالسلام شاہوانی نے آر ٹی ایس ایم ہیڈ محمد جمیل خان کے ہمراہ تحصیل تھل چوٹیالی کے مختلف سرکاری سکولوں کا دورہ کیا اور تعلیمی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے سکولوں میں اساتذہ اور طلبہ کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی ماحول کا معائنہ کیا، جبکہ مختلف کلاس رومز میں جا کر طلبہ سے سبق سنا اور ان کی تعلیمی استعداد و کارکردگی کا جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت ڈویژنل کوآرڈینیشن اجلاس

تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کارروائیاں جاری رکھیں گے

اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں اپنے طے شدہ شیڈول کے مطابق کارروائیاں کریں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈویژنل کوآرڈینیشن اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، ٹریفک، محکمہ ایکسائز، فوڈ اتھارٹی بلوچستان، محکمہ ماحولیات، واسا، صفا کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر14)

بی این پی کے رہنماؤں کی ماہت کاکا کے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ خان بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری اور دیگر رہنماؤں نے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ماہت کاکا کے بھائی حاجی محمد جعفر کاکڑ کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر15)

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت اجلاس

منصوبہ بندی میں موجودہ اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں ضلع کیچ کے اسٹیٹ ایجنسی مالکان کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری ہاؤسنگ اسکیموں کی صورتحال اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسٹیٹ ایجنسی مالکان نے بتایا کہ ضلع کیچ میں اس وقت 32 اسٹیٹ ایجنسیاں کام کر رہی ہیں جبکہ 150 سے زائد ہاؤسنگ اسکیمیں جاری ہیں۔ اس موقع پر ہاؤسنگ اسکیموں سے متعلق مختلف امور اور درپیش مسائل سے بھی ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے ہدایت کی کہ ہاؤسنگ اسکیموں (باقی صفحہ 3 نمبر16)

ضروری طبی سہولیات مقامی سطح پر میسر آ رہی ہیں، ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک

نصیر آباد (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر رخواز سومرو نے کہا ہے کہ ضلع اوستہ محمد میں جدید سہولیات سے آراستہ ویٹرنری ہسپتال کے قیام سے علاقے کے مالداروں اور مویشی پال حضرات کو اپنے جانوروں کے علاج معالجے، تشخیص اور سرجری سمیت دیگر ضر (باقی صفحہ 3 نمبر17)

ممبلپر پبلک گرلز سکول و کالج سٹیلائٹ ٹاؤن میں فروٹ گالہ اور سائنسی نمائش کی تقریب سے پرنسپل ڈاکٹر آمنہ سومرو، بلوچستان ریفارمز نیٹ ورک کے صدر ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عاصم اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com